# مجتہد سے پوچھے گئے
# سوالات

شعبۂ مطبوعات
**قرآن و عترت اکیڈمی**
کراچی - پاکستان

E-mail : qoitrat@khi.paknet.com.pk

# مجتہد سے پوچھے گئے سوالات

جوابات از:

مکتبہ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ

## الحاج آقائے سید علی الحسینی السیستانی

متع اللہ المسلمین بطول بقائہ

قم المقدسہ

بحوالہ:

www.rafed.net


پیشکش:

شعبۂ مطبوعات

## قرآن و عترت اکیڈمی

کراچی پاکستان

کتاب : مجتہد سے پوچھے گئے سوالات

جوابات از : مکتبہ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ السیستانی مدظلہ

بحوالہ: www.rafed.net

مترجم : اراکین قرآن وعترت اکیڈمی

طبع : اوّل جون ۲۰۰۲ء

پرنٹر : PRNDOTCOM PRINTERS

prndotcom@hotmail.com

تعداد : ۱۰۰۰

توجہ:

مومنین کی جانب سے کسی بھی قسم کی تجویز، مشورے یا تصحیح کا شکریہ کے ساتھ استقبال کیا جائے گا۔

ملنے کا پتہ:

قرآن وعترت اکیڈمی

ہیڈ آفس:

۳۶۵/۱ پارا سٹریٹ، گارڈن ایسٹ

کراچی ۷۴۸۰۰۔ پاکستان

فون : 7237207 - 7226948

Email : qoitrat@khi.paknet.com.pk

# فہرستِ مضامین


پیش گفتار

## تقلید

مرجع تقلید کا انتقال ہوگیا ۱۹

کسی کو اس کے مجتہد کے علاوہ کسی اور کا فتویٰ بتانا ۱۹

## طہارت

### وضو

جمے ہوئے خون پر وضو ۲۱

ناخنوں کے نیچے پانی پہنچانا ۲۱

ایک ہاتھ سے دونوں پیروں کا مسح ۲۲

طویل عرصے غلط مسح ۲۲

وضو کے بعد ناخن میں کھانا نظر آیا ۲۲

### غسل

غلط غسل کے ساتھ ادا کئے گئے نماز و روزہ کا حکم ۲۳

بدن کے صرف اگلے حصّے کو دھونا ۲۳

ہفتے کے دن غسل جمعہ کی قضاء ۲۴

میت سے لگنے والا پانی ۲۴

## تیمّم

مٹی پر مارنے کے بعد ہاتھ جھاڑنا ۲۴

## بیت الخلاء کے احکام

نجس مقامات کو پاک کرتے وقت گرنے والا پانی ۲۵

## کھانے پینے کے احکام

آبِ جو پینا ۲۵
لاپرواشخص کا کھانا ۲۶
اہل کتاب کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا ۲۶
اگر کافر کہے کہ میں اہل کتاب ہوں ۲۶
الکحل ملی ہوئی دوا کا استعمال ۲۶

## متفرقات

اسماعیلی حضرات کی طہارت ۲۷
سرایت کرنے والی رطوبت کا معیار ۲۷
سرایت نہ کرنے والی رطوبت سے اگر نجاست لگے ۲۷
متنجس چیز سے جدا ہونے والا پانی ۲۸
ہونٹ سے جدا ہونے والی پپڑی ۲۸
مسوڑھوں سے نکلنے والا خون ۲۸
ناخن کے نیچے چوٹ کی وجہ سے خون جمع ہوگیا ۲۸
پیپ کی نجاست کا حکم ۲۹
پیشاب کے قطرے بہنے کی بیماری ۲۹

# نماز


## شرائطِ لباس

کپڑے پر تصویر کا حکم ۳۰

کیا انسانی خون معاف ہے اور آیا پاک ہے یا نجس ۳۰

خون لگے ہوئے لباس کے ساتھ نماز ۳۱

## سجدہ

سجدے میں ناک کہاں رکھیں ۳۱

## سجدۂ سہو

اگر غلطی سے سلام پڑھ لیا ۳۱

اگر سجدۂ سہو بھول گیا ۳۲

بھول گیا اور اگلی نماز میں پھر واجب ہو گیا ۳۲

## مبطلاتِ نماز

ریاء کیا ہے ۳۲

## نمازِ آیات

کچھ عرصے بعد چاند گہن کا علم ہوا ۳۳

## قضاء نماز

سکتے کے عالم میں قضاء ہونے والی نماز ۳۳

## قصر نماز

جس شخص کا کام ہی سفر کرنا ہو ۳۴

خاص season میں سفر ۳۴

## مستحب نمازیں


واجب نماز باقی ہوتے ہوئے مستحب نماز ۳۵

نافلہ مغرب اور نماز غفیلہ کو ملانا ۳۵

نماز غفیلہ میں آیات سے پہلے بسم اللہ پڑھنا ۳۵

نمازِ وحشت کے دو الگ الگ طریقے ۳۶

ہر مہینے کے پہلے دن کی نماز ۳۶


## احکامِ مسجد


توسیع کی غرض سے مسجد کو توڑنا ۳۷

ایک منزل پر مسجد، ایک منزل پر گھر ۳۷

مسجد کی اوپری منزل پر رہائش اختیار کرنا ۳۷

حکومت کی جامع مسجد میں نماز ۳۸


## نمازِ جماعت


امامِ جماعت کی عدالت ثابت ہونے کا معیار ۳۸

اگر امامِ جماعت ایک یا دو حرف صحیح ادا نہ کرسکتا ہو ۳۸

اگر ماموم کے اعتبار سے پیش امام کی قرائت صحیح نہ ہو ۳۹

نماز کے دوران اگر جماعت کھڑی ہو جائے ۳۹

آخری سجدے کے بعد فرادیٰ کی نیت ۳۹

اتصال میں شک ۳۹

امام جماعت کی عصر اور مقتدی کی ظہر کی نماز ۳۹

امام اور ماموم کے مسئلے میں فرق ۴۰

## متفرقات


تیمم کے ساتھ پڑھی ہوئی نماز کی دوبارہ ادائیگی ۴۰

نماز میں جان بوجھ کر تاخیر ۴۱

صبح کی نماز کے لئے alaram لگانا ۴۱

ظہرین کی نماز میں بعض حروف کا ظاہر ہو جانا ۴۱

جمعہ کے دن ظہر بلند آواز سے ۴۲

جمعہ کے دن ظہر بلند آواز سے پڑھنے کا مسافر کے لئے حکم ۴۲

جو شخص بیٹھ کر تشہد نہ پڑھ سکے ۴۲


# روزہ

## عمومی مسائل


شروع سے کبھی روزے رکھے، کبھی نہیں رکھے ۴۳

اپنی قضاء باقی ہو اور مرحوم کے روزے رکھنا ۴۴

سحری کے وقت گھڑی پیچھے رہ گئی ۴۴


## عید


ماہر فلکیات کی گواہی سے چاند کا ثابت ہونا ۴۴


## فطرہ


فطرے کی مقدار ۴۵

combine family میں فطرہ کون نکالے ۴۵

عید کی رات گھر آئے ہوئے مہمان کا فطرہ ۴۶

## حج


| | |
|---|---|
| نیابت میں حج | ۴۷ |
| اگر کوئی خمس نہ نکلا ہوا مال حج کے لئے دے | ۴۷ |
| شوہر پر قرض واجب ہے، کیا بیوی پر حج واجب ہوگا | ۴۷ |
| حج کے لئے مہر کا مطالبہ | ۴۷ |
| چند سال رقم جمع کر کے حج کیا | ۴۸ |
| حج یا خمس | ۴۸ |
| حقوق الناس یا حج | ۴۹ |
| حج یا ذاتی مکان | ۴۹ |
| حج یا شادی | ۴۹ |
| حج یا امتحان | ۵۰ |
| موجودہ حالات میں تکرارِ حج | ۵۰ |
| بڑھاپے کی وجہ سے حج نہیں کر سکتا | ۵۰ |
| حج واجب ہو گیا اور نہ کیا | ۵۰ |


## خمس

### عمومی مسائل


| | |
|---|---|
| سال تبدیل کرنا | ۵۲ |
| نابالغ کے مال پر خمس | ۵۲ |
| خمس نکالے بغیر نماز | ۵۲ |
| شک ہے کہ خمس واجب ہوا یا نہیں یا دیا یا نہیں | ۵۳ |
| خمس سے بچنے کے لئے کسی چیز کو استعمال کرنا | ۵۳ |

ایسے شخص کے پاس کھانا کھانا جو خمس ادا نہیں کرتا ۵۳
اَن سلے سوٹ پر ایک سال گزر گیا ۵۳
شادی کے لئے جمع کیا ہوا مال ۵۴
تصویروں پر خمس ۵۴
گھر بنوانے میں ایک سال سے زیادہ لگ گیا ۵۴
کتابیں استعمال نہیں ہوئیں ۵۵
بینک میں رکھے گئے مال پر خمس ۵۵
decoration piece پر خمس ۵۵

## تحفے پر خمس

تحفے پر خمس ۵۶

## وراثت پر خمس

وراثت میں ملے ہوئے مکان پر خمس ۵۷
وراثت پر خمس ۵۷
میرے والد خمس نہیں نکالتے تھے، میری ذمہ داری ۵۷

## قرضے پر خمس

دئے گئے قرضے پر خمس ۵۸
سال کے دوران قرضہ لیا ۵۹
اخراجات کی مد میں لیا ہوا قرضہ ۵۹
بینک سے لئے ہوئے قرضے پر خمس ۵۹

## مصرفِ خمس

اپنے مجتہد کے علاوہ کسی اور کو خمس دینا ۶۰

خمس کا استعمال ٦٠

سہمِ امام علیہ السلام کا استعمال ٦١

حکومتی ٹیکس کو خمس میں حساب کرنا ٦١

# کاروبار

## بینک

بینک سے ملنے والا فائدہ ٦٢

بینک سے ملنے والا مال ٦٢

بینک سے منافع لینا ٦٣

بینک سے ملنے والے انعامات ٦٣

کافر بینک میں مال رکھوانا ٦٤

سود کی شرط کے ساتھ پیسہ رکھوانا ٦٤

## حکومتی اموال

حکومتی اموال کا استعمال ٦٤

غیر اسلامی حکومت کے اموال ٦٥

## حرام/حلال

purchase officers کو گفٹ ملتے ہیں ٦٦

مدت دار چیک کو کم قیمت پر بیچنا ٦٦

حرام مچھلی ایسے افراد کو بیچنا جو اسے کھاتے ہیں ٦٦

بینکوں کے شیئرز خریدنا ٦٦

کافر سے سود کا لین دین ٦٧

اسرائیلی softwares کا استعمال ٦٧

اسرائیلی مصنوعات اگر خریدی جا چکی ہوں ٦٧


## ردّ مظالم

بتائے بغیر کسی کو اس کا حق واپس پہنچا دینا ٦٨
بچپن میں چوری چھپے چیزیں استعمال کر لی ہیں ٦٨


# نکاح

## عمومی مسائل

شادی کے سلسلے میں نصیحت ٦٩
منگنی کی انگوٹھی ٦٩
غیر شیعہ سے نکاح ٧٠
اگر لڑکی کے باپ دادا زندہ نہ ہوں ٧٠
اگر باپ اپنی بیٹی پر سے ولایت ختم کر دے ٧٠
لڑکے کے عیب سے لڑکی والوں کو آگاہ کرنا ٧١


## محرم/نامحرم

باحجاب عورت کو دیکھنا ٧١
عورت کے بچپن کی بے پردہ تصویر دیکھنا ٧١
حجاب کا معیار/mixed gathering ٧٢
نامحرم سے ہاتھ ملانا ٧٢
نامحرم کو کپڑے کے ساتھ مس کرنا ٧٢
طبّی طریقے سے تولید شدہ دودھ پلانا ٧٢
نقاب پہننا ٧٢

## نان و نفقه

نان ونفقہ پر قدرت رکھنے کا معیار ۷۳
کیا نان ونفقہ لینے والے کا نیک ہونا بھی شرط ہے ۷۳
بچوں کا نان ونفقہ ۷۳

## بیوی کے حقوق

خادمہ کی ضرورت ۷۴
بیوی پر واجب شدہ کفارہ ۷۴

## طلاق / عدّت

نکاح کے ضمن میں ہی لڑکی کو طلاق کی وکالت دینا ۷۶
صیغے یا گواہوں کے بغیر طلاق ۷۶
دو مجہول الحال افراد کی موجودگی میں طلاق ۷۶
وفات کی عدت میں کیا واجب ہے ۷۷

## نذر/قسم

قسم توڑنے کا کفارہ ۷۸
نذر تو کی لیکن یاد نہیں پوری کی یا نہیں ۷۸
خواب میں دیکھا کہ نذر مانی ہے ۷۸
نذر یا کفارہ پورا کرنے کے لئے کسی کو وکیل بنانا ۷۸

## داڑھی

داڑھی مونڈنے کا حکم ۸۰
داڑھی کی شرعی مقدار ۸۰

فرنچ کٹ داڑھی کا حکم ۸۰

## موسیقی

کلاسیکی موسیقی سننا ۸۲
روح کی غذا ۸۲

## ادعیہ وزیارات

ایسی دعا کا پڑھنا جس کی معتبر سند نہیں ملی ۸۳
دعائے کمیل کی سند ۸۳

## اخلاقیات

### صلہ رحمی

سب سے کم مقدار ۸۴
صرف دعا کرنا ۸۴
صلہ رحم واجب ہے یا قطع رحم حرام ۸۴
قطع رحمی کرنے والے سے قطع رحمی ۸۴
احکامِ شریعت کے مخالف سے قطع رحم ۸۵

### غیبت

غیبت سننے والے کی ذمہ داری ۸۵
غیبت کا کفارہ ۸۶
چھوٹے بچے کی غیبت ۸۶
ایسے فرد کے سامنے غیبت جو پہلے سے جانتا ہو ۸۶
ایسے شخص کی غیبت جو اس پر راضی ہو ۸۶

| | |
|---|---|
| مومن کی نیکی کا تذکرہ جب کہ وہ اس پر راضی نہ ہو | ۸۶ |

# متفرقات

| | |
|---|---|
| سگریٹ نوشی کا حکم | ۸۷ |
| جلے ہوئے کھانے کا استعمال | ۸۷ |
| ایسی چیز کا استعمال جس میں نقصان کا اندیشہ ہو | ۸۸ |
| مغربی ممالک کا سفر جب کہ دین خطرے میں ہو | ۸۸ |
| اپنے مال سے روگردانی | ۸۸ |
| مقدس اوراق کو ٹھنڈا کرنے کا طریقہ کار | ۸۹ |
| کسی شخص کو مارنا جو اس پر راضی ہو | ۸۹ |
| سینما میں فلم دیکھنا | ۹۰ |
| فحش فلمیں اور تصاویر دیکھنا | ۹۰ |
| صدقہ گھر میں ایک ساتھ جمع کر کے فقیر کو دینا | ۹۰ |
| خواتین کا ناخن بڑھانا | ۹۰ |
| پرانی امام بارگاہ کو فروخت کرنا | ۹۰ |
| جشنِ ائمہ علیہم السلام میں تالیاں بجانا | ۹۱ |
| عزاداری کے لئے سینہ کھولنا | ۹۱ |
| ابارشن کا حکم | ۹۱ |
| ابارشن پر دیت | ۹۱ |
| دوران حمل ڈراؤنے خواب | ۹۲ |
| بچے کو شدت سے بوسہ دینا | ۹۲ |
| امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں "تاثیر کا احتمال ہو" سے مراد | ۹۲ |
| غلطی سے مسجد کی تسبیح اٹھالی | ۹۳ |

دشمنانِ دین کے لئے بیہودہ الفاظ کا استعمال ۹۳
آیۃ الکرسی، ایک آیت یا تین آیات ۹۳
وائٹ گولڈ پہننا ۹۴
ایصال ثواب کا فلسفہ ۹۴
کیا بیٹی پر ماں باپ کو نفقہ دینا واجب ہے ۹۴


## عقائد


عقائد میں شک ۹۵
کفار و مشرکین پر عذاب ۹۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش گفتار

جب نومبر ۱۹۹۲ء میں قرآن وعترت اکیڈمی کی بنیاد عاریتاً لئے ہوئے ایک کمرے میں رکھی گئی تھی اس وقت سے ذہن میں یہ خیال موجود تھا کہ اگرچہ اس ادارے کا بنیادی مقصد حوزوی تعلیم و تدریس ہے، مگر اس کے ساتھ ساتھ ایسا ماحول فراہم کرنا ہے جہاں ایک جانب طلبہ کرام اور اساتذہ عظام تبلیغی اور دینی خدمات اپنی کامل استعداد اور صلاحیت کے ساتھ آگے بڑھا سکیں تو دوسری جانب عوام الناس کی علمی تشنگی کا مداوہ بھی کیا جاسکے۔

ادارۂ ہٰذا کے طلبہ و طالبات ایام عزا اور ماہ صیام میں مختلف مقامات پر دینی خدمات انجام دے ہی رہے تھے، لیکن اب اساتذہ کرام کی نگرانی میں انہوں نے شرعی مسائل کے ترجمے کا بیڑا اٹھایا ہے جس کا ثمر آپ کے ہاتھوں میں اس کتابچے کی صورت میں موجود ہے۔

ضمناً اس بات کا تذکرہ بے جا نہ ہوگا کہ دستِ قدرت نے ملک کے مختلف علاقوں میں مذہب حقہ کی ترویج کی سعادت بخشی ہے۔ لہذا، اگر مومنین یہ محسوس کریں کہ کسی خاص علاقے میں خدمات انجام دینے کی ضرورت ہے تو وہ ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ البتہ ہر علاقے میں ہمیشہ موافق حالات نہیں ہوتے، لہذا کسی معلوم یا نامعلوم وجہ سے اگر کسی علاقے میں خدمات انجام دینے سے معذرت کر لی جائے تو مومنین دل شکنی محسوس نہ کریں۔

وما توفیقی إلا با... علیه توکلت وإلیه أنیب

علی رضا مہدوی
قرآن وعترت اکیڈمی
کراچی پاکستان

# تقلید

سوال۱: اگر کوئی شخص میت کی تقلید پر باقی رہے اس طرح کہ زندہ مجتہد کی طرف رجوع نہ کیا ہو تو اس کے گذشتہ اعمال کے بارے میں کیا حکم ہوگا؟

جواب: اس صورت میں اگر مردہ مجتہد زندہ کے مقابلے میں اعلم ہو تو پھر اسی کی تقلید پر رہنا واجب ہے اور اگر وہ اعلم نہ ہو تو پھر زندہ کی طرف رجوع کرنا واجب ہے اور اس کے اعمال اگر اس مجتہد کے فتوی کے مطابق ہیں جس کی تقلید اس وقت اس پر واجب ہے تو وہ صحیح شمار ہوں گے اور اس پر کوئی ذمہ داری نہیں ہو گی۔

سوال۲: اگر کوئی شخص کسی مسئلہ کے بارے میں سوال کرے اور میں جانتا ہوں کہ وہ آپ کے بجائے کسی اور کی تقلید کرتا ہے لیکن یہ نہیں جانتا کہ اس مجتہد کی رائے آپ سے جدا ہے یا نہیں تو کیا مجھے یہ حق حاصل ہے کہ میں آپ کے فتوی کے مطابق اسے جواب دوں؟

جواب: ضروری ہے کہ آپ اس بارے میں اسے بتائیں کہ آپ کا جواب کس

مجتہد کے فتویٰ کے مطابق ہے۔

# طہارت

## وضو

سوال۳:　وہ خون جو جم چکا ہو اور اس کی مقدار ایک درہم سے کم تر ہو اور اس کی کیفیت اس طرح کی ہو چکی ہے کہ جب اس پر پانی ڈالا جاتا ہے تو وہ اسے ہٹاتا نہیں اور اگر اسے ہٹایا جائے تو مزید خون جاری ہو جاتا ہے تو اس صورت میں کیا میرے لئے اسی پر وضو کرنا جائز ہے؟

جواب:　خون چاہے جما ہوا ہو یا بہہ رہا ہو ہر صورت میں نجس ہے چاہے اس کی مقدار درہم کے برابر ہو یا سوئی کی نوک کے برابر، لہذا اس پر وضو کرنا جائز نہیں۔ ہاں، شاید اس سوال سے آپ کی مراد وہ چیز ہو جو زخم ٹھیک ہونے کے بعد پپڑی کی شکل میں جلد پر آجاتی ہے تو وہ خون نہیں اگرچہ اس کا رنگ خون جیسا ہی کیوں نہ ہو۔

سوال۴:　کیا ان ناخنوں کے نیچے پانی پہچانا واجب ہے جو معمول سے زیادہ لمبے

ہو جائیں؟

جواب: صرف اتنی مقدار دھونا واجب ہے جو ظاہر شمار ہوتی ہو۔

سوال۵: کیا ایک ہی ہاتھ سے دونوں پیروں کا مسح کرنا جائز ہے؟

جواب: دونوں پیروں میں سے ہر ایک کا مسح کسی بھی ہاتھ سے کیا جا سکتا ہے۔

سوال۶: ایک خاتون وضو میں طویل عرصہ تک اپنے پیروں پر ابھار کے مقام تک مسح کرتی تھی چونکہ وہ اس بات سے جاہل تھی کہ مفصل یعنی پیروں کے جوڑ تک مسح کیا جاتا ہے۔ اب اس کی پچھلی نمازوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر اسے یقین ہے کہ وہ اس طرح مسح کرتی تھی تو احتیاط کی بناء پر اس کے لئے نمازوں کی تکرار ضروری ہے البتہ اس مسئلے میں اس کے لئے اس بات کا بھی امکان ہے کہ وہ دوسرے نمبر کے مجتہد کی طرف رجوع کرے۔

سوال۷: اگر کسی کو وضو کر لینے یا نماز مکمل کرنے کے بعد نظر آئے کہ اس کے ناخنوں میں کھانا پھنسا ہوا ہے تو اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: اگر کھانا ناخن کے نیچے ہو یا اس طرح سے ہو کہ پانی پہنچنے میں رکاوٹ نہ بن سکے تو اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ورنہ ضروری ہے کہ دوبارہ صحیح وضو کر کے نماز کو دہرائے۔

# غسل

سوال۸: ایک خاتون اپنے بچپن میں غسل ترتیبی کا طریقہ نہیں جانتی تھی، اس کا طریقہ یہ تھا کہ وہ اپنے سر سے پانی ڈالنا شروع کرتی تھی اور سارے بدن پر پانی ڈال دیتی تھی، جب کہ اسے صحیح حکم کا علم نہیں تھا لیکن اس میں اس کا کوئی قصور بھی نہیں تھا۔ اس کے ان ایام کے روزوں اور نمازوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر وہ خاتون اپنا سر پہلے دھو لیتی تھی تو اس کا غسل صحیح ہے ورنہ احتیاط واجب کی بناء پر صحیح نہیں۔ اس کے روزے بہرحال صحیح مانے جائیں گے۔ جب کہ جاہل قاصر ہونے کی صورت میں جیسا کہ سوال سے ظاہر ہو رہا ہے، اس کی نمازوں کی قضاء ضروری نہیں ہوگی۔

سوال۹: ایک مومن غسلِ جنابت میں فقط جسم کے اگلے حصّہ کو دھوتا تھا، یہ سمجھ کر کہ یہ جسم کا ظاہری حصّہ ہے اور اسی کو دھونا واجب ہوتا ہے اور چونکہ جسم کے پچھلے حصّے کو جسم کا باطنی سمجھتا تھا لہذا اس کے دھونے کی طرف متوجہ نہ تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ:

۱) کبھی تو جسم کا پچھلا حصّہ بالکل نہیں دھلا تو اس صورت میں اس کے غسل اور ان احکام کا جس میں طہارت شرط ہے کیا حکم ہوگا؟

۲) اور کبھی صورت یہ ہے کہ پچھلا حصّہ ایسا بھی نہ ہو کہ بالکل نہ دھلا ہو بلکہ

غسل کرتے وقت جس قدر پانی عموماً پہنچا کرتا ہے پہنچ جاتا ہو تو اس صورت میں غسل اور ان اعمال کا جس میں طہارت شرط ہے کیا حکم ہوگا؟

جواب: پہلی صورت میں غسل باطل ہے اور اس پر اعمال کا دوبارہ بجالانا بھی ضروری ہے جب کہ دوسری صورت میں غسل اور اعمال دونوں صحیح ہیں۔

سوال ۱۰: ہفتے کے دن اگر غسلِ جمعہ قضاء کی نیت سے کیا جائے تو کیا اس کے بعد وضو کی ضرورت باقی رہتی ہے؟

جواب: جی نہیں۔

سوال ۱۱: وہ پانی جو غسل میت کے دوران میت کے جسم سے لگتا ہے نجس ہے یا نہیں؟

جواب: پانی اگر قلیل ہے تو جب تک غسل مکمل نہ ہو نجس ہوگا۔

# تیمّم

سوال ۱۲: کیا تیمّم میں ہاتھوں کو مٹی پر مارنے کے بعد جھاڑنا واجب ہے؟

جواب: مستحب ہے۔

# بیت الخلاء کے احکام

سوال۱۳: مقام پیشاب یا پاخانہ کو اگر قلیل پانی سے پاک کیا جائے تو جو پانی اس مقام سے گرے گا وہ نجس ہوگا یا پاک؟

جواب: اگر چہ یہ پانی نجس ہے، لیکن جس جگہ بھی وہ پانی گرے گا مندرجہ ذیل شرائط کے ساتھ اس مقام کو نجس نہیں کرے گا۔

۱) اس کے ساتھ نجاست نہ ہو۔

۲) نجاست کی وجہ سے اس کا رنگ، بو یا ذائقہ تبدیل نہ ہو گیا ہو۔

۳) باہر سے کوئی اور نجاست اس میں نہ لگی ہو۔

۴) پاخانہ کے ساتھ خون یا کوئی اور نجاست باہر نہ آئی ہو۔

۵) نجاست اپنے مقام سے معمول سے زیادہ نہ پھیلی ہو۔

# کھانے پینے کے احکام

سوال۱۴: اس آبِ جو کا کیا حکم ہے جس پر تحریر ہو "الکحل سے پاک"؟

جواب: اگر وہ نشہ اور مستی کا سبب بنے تو حرام ہے اور اسے "فقاع" کہا جاتا ہے اور اس کا نشہ شراب کے نشہ اور مستی سے کچھ کم ہوا کرتا ہے۔

سوال ۱۵: ایسا شخص جو خون کو نجس نہیں مانتا، اس سے اجتناب نہیں کرتا اور جس مقام پر خون موجود ہو اسے پاک بھی نہیں کیا کرتا تو کیا میں ایسے شخص کا کھانا کھا سکتا ہوں؟

جواب: جی ہاں! آپ کے لئے کھانا کھانا جائز ہے جب تک کہ جو کھانا آپ کو پیش کیا جا رہا ہو اس کی نجاست کے بارے میں آپ کو یقین نہ ہو۔

سوال ۱۶: اگر کوئی اہل کتاب یا کافر کوئی حلال کھانا پکائے تو ان دو صورتوں میں اسے نجس مانا جائے گا یا پاک؟

۱۔ معلوم نہ ہو کہ آیا اس نے کھانے کو مس کیا ہے۔

۲۔ معلوم ہو کہ اس نے کھانے کو مس کیا ہے۔

جواب: اہل کتاب ہونے کی صورت میں دونوں حالتوں میں کھانا پاک ہے۔ ہاں، اگر غیر کتابی کافر نے اسے پکایا ہے تو اسے مس کرنے کی صورت میں کھانا نجس ہو جائے گا۔

سوال ۱۷: کیا کافر کے اس قول کو کہ وہ اہل کتاب میں سے ہے قبول کیا جائے گا تاکہ اس پر آثار مرتب کئے جاسکیں مثلاً اس کے کھانے کو کھایا جاسکے؟

جواب: جی ہاں، قبول کیا جائے گا۔

سوال ۱۸: کیا ایسی دوا کا استعمال جائز ہے جس کے بارے میں جانتے ہوں کہ اس

میں الکحل شامل ہے؟

جواب: جائز ہے چونکہ اس میں الکحل کی مقدار اتنی کم ہوتی ہے جو ختم ہو جاتی ہے۔

# متفرقات

سوال۱۹: اسماعیلی حضرات کی طہارت یا نجاست کے حوالے سے آپ کیا فرماتے ہیں؟

جواب: ان پر نجاست کا حکم نہیں لگایا جا سکتا۔

سوال۲۰: کیا ہاتھ پر موجود نمی سرایت کرنے والی رطوبت کہلاتی ہے؟

جواب: سرایت کرنے والی رطوبت سے مراد وہ رطوبت ہے جو دوسرے مقام تک منتقل ہو جاتی ہو۔

سوال۲۱: ہاتھ پر اگر ایسی تری موجود ہو جو سرایت کرنے والی نہ ہو یا اسی طرح کپڑے پر سرایت نہ کرنے والی رطوبت موجود ہو اور ان میں سے کسی ایک سے نجاست لگے تو کیا یہ دونوں نجس ہو جائیں گے؟

جواب: اس صورت میں نجس نہیں ہوں گے۔

سوال۲۲: وہ پانی جو کسی متنجس چیز کو پاک کرتے ہوئے اس سے جدا ہوتا ہے نجس ہے یا پاک؟

جواب: اگر اسے قلیل پانی سے پاک کیا جار ہا ہو تو بنا بر احتیاط واجب نجس ہے۔

سوال۲۳: کیا ہونٹ پر موجود پپڑی کو اکھاڑنا جائز ہے اور اسی طرح جسم کے دوسرے اعضاء سے پپڑی اکھاڑنے کے بارے میں بھی کیا یہی حکم ہے؟ اور ایسی پپڑی کی نجاست کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: ان کو اکھاڑنا جائز ہے اور اگر اس میں جان موجود نہ ہو اور بآسانی جدا ہو جانے والی ہو تو یہ پاک بھی ہے۔

سوال۲۴: کیا مسوڑھوں سے نکلنے والے خون کو پاک کرنا لازم ہے؟ اور کیا اسے تھوک کے ساتھ نگلنا جائز ہے؟

جواب: اگر وہ خون تھوک میں مل کر ختم ہو جائے تو اس کو نگلنا جائز ہے اور منہ کو پاک کرنا بھی واجب نہیں ہے۔

سوال۲۵: ایک شخص کو ناخن پر ایسی چوٹ لگی جس کی وجہ سے اس کے نیچے خون جمع ہو گیا اور کچھ روز بعد ناخن میں سوراخ ہو گیا۔ اب جو پانی اس کے اندر جا کر باہر آجائے گا اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر اس صورت حال میں کیفیت یہ ہو کہ خون کے مقام کو بدن کا ظاہری

حصہ نہ سمجھا جاتا ہوتو وہ باہر نکلنے والا پانی پاک ہے۔اسی طرح اس صورت میں بھی پانی پاک ہوگا جب اس خون کی شکل اس طرح بدل چکی ہو جس کے بعد اسے خون نہ کہا جا سکے۔

سوال ۲۶: کیا پیپ (زخم سے نکلنے والا پیلا مادہ) نجس ہے؟

جواب: جی نہیں، سوائے اس کے کہ اس میں خون ملا ہوا ہو۔

سوال ۲۷: کیا وہ شخص جو پیشاب کے مسلسل جاری رہنے یا پیشاب کی نالی کی بیماری میں مبتلا ہو اس کے لئے واجب ہے کہ جب بھی وہ نماز پڑھے یا مسجد میں داخل ہو یا قرآن کو مس کرے تو پیشاب کی تھیلی کو بدلے یا اسے پاک کرے؟

جواب: جی نہیں، واجب نہیں ہے۔

# نماز

## شرائطِ لباس

سوال ۲۸: کیا ایسے لباس میں نماز پڑھنا مکروہ ہے جس پر کسی بھی قسم کی تصویر ہو؟

جواب: اس کو مکروہات میں سے شمار کیا گیا ہے۔

سوال ۲۹: کیا انسان کے خون کا حکم بھی حرام گوشت جانور کے خون والا ہے جو نماز میں معاف نہیں ہوتا چاہے ایک بغلی درہم کے برابر ہی کیوں نہ ہو اور اگر یہ خون معاف ہے تو کیا جس چیز پر لگے اسے نجس بھی کر دے گا؟

جواب: مذکورہ مقدار (بغلی درہم) کا انسانی خون نماز میں معاف ہے سوائے خون حیض کے اور احتیاط کی بناء پر خون نفاس اور استحاضہ کے۔ لیکن یہ خون بہرحال نجس ہے اور جس چیز پر لگے اسے نجس کر دے گا۔ لہذا اس مسئلہ میں معاف سے مراد یہ ہے کہ نماز پڑھنے کے لئے اس کو پاک کرنا ضروری نہیں ہے۔

سوال۳۰: ایک شخص جو خون لگے ہوئے لباس کے ساتھ نماز پڑھا کرتا تھا۔ یا تو اسے خون کی نجاست کے بارے میں علم نہیں تھا یا وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ ایک درہمِ بغلی کی مقدار سے زیادہ خون نماز کو باطل کر دیتا ہے۔ کیا اس کے لئے اپنی نمازوں کو دہرانا واجب ہے؟

جواب: جاہل قاصر ہونے کی صورت میں ظاہر یہی ہے کہ نماز باطل نہیں ہوگی لیکن اگر جاہل مقصر ہو اور ابھی نماز کا وقت باقی ہو تو نماز کو تکرار کرنے کی احتیاط ترک نہ کرے بلکہ اگر وقت ختم ہو چکا ہو تو بھی اس کی قضا بجالائے۔

# سجدہ

سوال۳۱: کیا حالت سجدہ میں ناک کو مصلّے پر رکھنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے، لیکن بہتر یہ ہے کہ ناک کو ایسی چیز پر رکھے جس پر سجدہ کرنا درست ہو۔

# سجدۂ سہو

سوال۳۲: جب کوئی شخص چار رکعتی نماز میں پہلے تشہد کے بعد ہی سلام پڑھ لے تو اس کی نماز کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: اگر وہ اس جانب کسی ایسے فعل کے انجام دینے سے پہلے جو نماز کے باطل ہونے کا سبب بنے متوجہ ہو جائے تو کھڑے ہو کر نماز کو مکمل کرے پھر احتیاط واجب کی بناء پر دو سجدہ سہو انجام دے۔

سوال ۳۳: نماز کے دوران اگر کسی کو یاد آئے کہ پچھلی نماز کے لئے سجدہ سہو ادا کرنا بھول گیا ہے تو اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: جو نماز پڑھ رہا ہے اسے مکمل کرنے کے بعد سجدہ سہو ادا کرے۔

سوال ۳۴: ایک شخص پر نماز ظہر میں سجدہ سہو کرنا واجب ہو گیا، لیکن وہ شخص اسے بھول گیا اور نماز عصر پڑھ لی۔ اس پر نماز عصر میں ایک اور سجدہ سہو واجب ہو گیا۔ اب نماز مکمل کرنے کے بعد پہلے نماز عصر کا سجدہ سہو انجام دے یا نماز ظہر کا؟

جواب: نماز عصر کے سجدہ سہو کو پہلے انجام دینا پڑے گا۔

# مبطلاتِ نماز

سوال ۳۵: ریاء کیسے ہوتا ہے اور کب نماز کو باطل کرتا ہے؟

جواب: ریاء اس عمل کو کہتے ہے جس میں لوگوں کو دکھانے کے لئے کوئی عمل انجام دیا جائے تا کہ اس کے ذریعے کوئی دنیاوی غرض پوری کی جا سکے جیسے اپنی شخصیت بڑھانا یا مال کمانا۔ ہاں، اگر اس کے ذریعہ دوسروں کو کام کی رغبت دلانا یا اپنی

دینی حیثیت کی حفاظت کرنا مقصود ہو جو کہ خود شریعت میں ایک پسندیدہ کام ہے یا ایسا ہی کوئی اور مقصد ہو تو پھر ریاء کو قربۃ الی اللہ کی نیت سے بھی انجام دیا جا سکتا ہے اور اس سے عمل بھی باطل نہیں ہوتا۔

# نمازِ آیات

سوال ۳۶: میرے دوست نے بتایا کہ چند ماہ پہلے سورج اور چاند کو گہن لگا تھا مگر وہ نہیں جانتا کہ ان کو مکمل گہن لگا تھا یا جزئی طور پر، تو کیا ابھی مجھ پر ان کی قضاء کرنا لازم ہوگی جب کہ مجھے اس بارے میں اطلاع ہی ابھی ملی ہے؟

جواب: ان نمازوں کی قضاء اس وقت واجب ہوا کرتی ہے جب مکمل گہن لگا ہو اور جزئی طور پر گہن کی صورت میں قضاء واجب نہیں ہے اور اس بارے میں جستجو اور کوشش کرنا واجب نہیں ہے۔

# قضا نماز

سوال ۳۷: بعض اوقات انسان ایک طویل عرصے تک سکتے کے عالم میں رہتا ہے جس میں وہ کسی بھی چیز کو محسوس نہیں کر سکتا ہے۔ کیا ایسی صورت میں اس پر سے نماز ساقط ہو جاتی ہے اور اگر یہ فرد اسی حالت میں مر جائے تو کیا میت کے ولی پر

اس دوران کی نمازیں قضاء کرانا واجب ہے؟

جواب: ایسے شخص سے نماز ساقط ہے اور ولی پر اس کی قضاء کروانا بھی واجب نہیں۔

# قصر نماز

سوال ۳۸: وہ شخص جس کا کام ہی سفر کرنا ہو جیسے ڈرائیور اگر وہ اپنے شہر میں دس دن قیام کرے اور پھر دوبارہ اپنے کام کے اعتبار سے سفر پر نکلے تو اس پہلے سفر میں کیا اس پر قصر نماز واجب ہوگی؟

جواب: دس دن کا قیام سفر کا کام کرنے والے مثلاً ڈرائیور کے مسئلے پر بالکل اثر انداز نہیں ہوتا۔ ڈرائیور جیسے افراد کے لئے کسی بھی مقام پر دس دن ٹھہرنے سے پیشے کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں پڑتا (یعنی اسے نماز پوری ہی پڑھنا ہوگی)۔

سوال ۳۹: ایسا شخص جو کہ مخصوص ایام میں دو، تین یا اس سے زائد مہینوں تک کام کرتا ہے۔ وہ روزانہ اپنے کام کی جگہ جاتا ہے اور رات کو اپنے وطن واپس پلٹ آتا ہے اور کبھی کبھار مثلاً ایک رات ادھر ہی ٹھہر جاتا ہے۔ تو اس صورت میں اس کی نماز کے بارے میں کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر اس کے کام کی جگہ اس کے وطن سے شرعی مسافت کی مقدار یا اس سے زائد فاصلے پر ہے اور وہ روزانہ یا ایک دن چھوڑ کر ایک دن یا مہینے میں دس دن سفر کرتا ہے اور دو مہینے یا اس سے زائد اسی طرح کا ارادہ رکھتا ہو تو وہ کثیر السفر ہوگا۔ اس بناء پر وہ ایک مہینہ مکمل ہونے کے بعد پوری نماز پڑھے گا۔ لیکن پہلے مہینے کے دوران وہ قصر اور تمام، دونوں نمازوں کو احتیاطاً ملا کر پڑھے گا۔

# مستحب نمازیں

سوال ۴۰: وہ شخص جس پر فرض نمازوں کی قضاء واجب ہو اور وہ نوافل کی ادائیگی کرنا چاہتا ہو خاص طور پر نماز شب کی جب کہ فرض نماز کی قضا اور نوافل کو جمع کرنا ممکن نہ ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب: فرض نمازوں کی قضا کو مقدم کرنا اس صورت حال میں واجب ہے۔

سوال ۴۱: کیا آپ نماز غفیلہ کو نافلہ مغرب میں داخل کرنا جائز جانتے ہیں جس سے دو رکعتوں کی انجام دہی سے نافلہ اور غفیلہ دونوں کا ثواب حاصل ہو جائے؟

جواب: غفیلہ کی دو رکعتوں کو نافلہ مغرب کی نیت سے انجام دینا جائز ہے۔

سوال ۴۲: نماز غفیلہ میں سورہ اخلاص کی جگہ پڑھی جانے والی آیات سے پہلے کیا

بسم اللہ پڑھنا واجب ہے؟

جواب: واجب نہیں ہے۔

سوال ۴۳: نماز وحشت جو مردے کو ہدیہ کی جاتی ہے اس کا وقت کب ہوتا ہے کیونکہ بعض اوقات ایک مومن رات کے وقت انتقال کرتا ہے اور اس کے جسم کو پوری رات سرد خانے میں رکھا جاتا ہے کیا اس کی نماز وحشت دفن کرنے سے پہلے پڑھی جائے یا دفن کرنے کے بعد جو پہلی رات آئے گی اس میں پڑھی جائے، جب کہ لوگوں کی عادت دفن کرنے کے بعد آنے والی رات میں پڑھنا ہے۔اس کی بنیاد کیا ہے؟

جواب: اس کی دو (۲) صورتیں ہے:

پہلی صورت: یہ کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد دس دفعہ سورۃ القدر پڑھی جائے۔ یہ نماز دفن کئے جانے والے دن کی رات سے مخصوص ہے چاہے وہ تاخیر سے ہی کیوں نہ ہو۔

دوسری صورت: یہ کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد دو دفعہ سورۃ اخلاص اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد دس دفعہ سورۃ التکاثر پڑھی جائے۔ یہ نماز مرنے والی رات سے مخصوص ہے۔

سوال ۴۴: کیا مستحب نمازوں میں مہینے کے پہلے دن پڑھی جا نے والی نماز کو جائز ہے کہ شمسی مہینے جیسے اپریل یا مئی کے پہلے دن پڑھ لی جائے جب کہ ان مہینوں

کے دن ہجری مہینوں کے دنوں سے تعداد اور شروع ہونے کے اعتبار سے مختلف ہوا کرتے ہیں؟

جواب: اس نماز کا مورد چاند کے اعتبار سے شروع ہونے والے مہینے کا پہلا دن ہی ہے۔

# احکامِ مسجد

سوال ۴۵: کیا مسجد میں توسیع کی خاطر اس کو گرانا جائز ہے؟

جواب: اگر اس کی توسیع نمازیوں کی ضرورت ہو چاہے بعض مناسبتوں کے حوالے سے ہی کیوں نہ ہو تو پھر اس خاطر گرانا جائز ہے۔

سوال ۴۶: کیا یہ جائز ہے کہ اوپر کی منزل کو فقط مسجد کی خاطر وقف کرے اور نچلی منزل کو خود اپنے لئے باقی رکھے؟

جواب: جائز ہے۔

سوال ۴۷: کیا مسجد کی اوپری منزل کو بطور رہائش قرار دینا جائز ہے؟

جواب: اگر یہ کام مسجد کو وقف کرنے کے بعد کیا جائے تو جائز نہیں ہے کیونکہ مسجد کی فضا بھی مسجد کے حکم میں ہے۔ ہاں، اگر دو منزلہ عمارت تعمیر کی جائے اور مثلاً نچلی منزل کو مسجد اور دوسری منزل کو گھر، امام بارگاہ یا مدرسہ قرار دیا جائے تو

کوئی حرج نہیں۔

سوال ۴۸: کیا اس جامع مسجد میں جس کے بارے میں علم ہو کہ یہ حکومت کی ہے نماز پڑھنا جائز ہے؟

جواب: جائز ہے۔

# نمازِ جماعت

سوال ۴۹: مومنین کا ایک گروہ کسی کی اقتداء کرے، کیا صرف اس سے کسی شخص کا عادل ہونا ثابت ہو جاتا ہے؟

جواب: اگر اس طرح اس کی عدالت کے بارے میں اطمینان ہو جائے تو کافی ہے۔

سوال ۵۰: کیا ایسے امام جماعت کی امامت میں نماز پڑھنا صحیح ہے جو قرائت میں ایک یا دو حروف صحیح مخارج سے ادا نہ کر سکتا ہو؟

جواب: اگر ماموم خود صحیح قرائت کر سکتا ہے تو اس کے لئے ایسے پیش امام کی امامت میں نماز پڑھنا صحیح نہیں، بلکہ اگر خود صحیح قرائت نہ کر سکتا ہو تب بھی احتیاط واجب کی بناء پر یہی حکم ہے۔ ہاں، اس بات کی اجازت ہے کہ ایسے پیش امام کے ساتھ دوسری رکعت کے رکوع میں مل جائے۔

سوال ۵۱: اگر ایک امام جماعت قرائت کے دوران غلطی کرتا ہے لیکن اس کا خیال ہے کہ وہ صحیح پڑھ رہا ہے تو کیا اس صورت میں اس کی اقتداء کرنا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔ ہاں، دوسری رکعت کے رکوع سے ان کی اقتداء کرنا جائز ہے۔

سوال ۵۲: واجب نماز کے دوران اگر جماعت کھڑی ہو جائے تو کیا اس صورت میں دوسری واجب نماز جیسے نمازِ فجر کی طرف نیت پھیری جاسکتی ہے تا کہ اسے مکمل کر کے جماعت سے ملا جا سکے؟

جواب: ایسی صورت میں نماز کو توڑ کر جماعت میں شامل ہونا جائز ہے۔

سوال ۵۳: جب کوئی شخص امام کے ساتھ چوتھی رکعت میں شامل ہو اور دوسرے سجدے کے بعد فرادیٰ ہونے کی نیت کرے تو کیا یہ صحیح ہے؟

جواب: جی ہاں، صحیح ہے۔

سوال ۵۴: جب کسی ماموم کو امام کے ساتھ اپنے اتصال کے جاری ہونے میں شک کی وجہ سے جماعت کے صحیح ہونے میں تردد ہو رہا ہو تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: وہ اپنی جماعت کو صحیح سمجھے گا۔

سوال ۵۵: ایک شخص جب مسجد میں داخل ہوا تو دیکھا کہ پیش امام، عصر کی نماز پڑھ رہے ہیں تو کیا جائز ہے کہ اس نماز میں ان کی اقتداء کرے اور پھر نماز ظہر کو

فرادیٰ انجام دے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں ہے بلکہ ان کی نماز عصر میں اپنی نماز ظہر پڑھ کر اقتداء کی جائے گی پھر نماز عصر کو انجام دیا جائے گا۔

سوال ۵۶: اگر ماموم کے مجتہد کے اعتبار سے پیش امام کی نماز قصر ہو تو کیا ماموم کے لئے جائز ہے کہ وہ اس امام کی امامت میں نماز پڑھے جب کہ امام اپنے مجتہد کے اعتبار سے پوری نماز پڑھ رہا ہو؟

جواب: جائز ہے۔

# متفرقات

سوال ۵۷: اگر کوئی جنب ہو جائے اور نماز کا وقت اتنا باقی ہو جس میں صرف تیمّم ہی کیا جا سکتا ہو حتی کہ اس کے پاس اس قدر وقت بھی نہ ہو جس میں اپنے جسم سے نجاست دور کی جا سکے تو کیا ایسی صورت میں تیمّم کر کے نجاست کے ساتھ نماز پڑھ لے؟ اور کیا اس نماز کو دوبارہ پڑھنا واجب ہے؟ اور پانی ہی نہ ہو تو اس صورت میں کیا حکم ہے؟

جواب: دونوں حالتوں میں نجاست کے ساتھ نماز پڑھ لے اور نماز کو دوبارہ پڑھنا بھی لازم نہیں ہے۔

سوال۵۸: اگر کوئی شخص نماز میں اس قدر تاخیر کر دے کہ اُسے شک ہو جائے کہ نماز کا وقت باقی ہے یا نہیں تو اس صورت میں وہ نماز کے لئے کیا نیت کرے؟

جواب: قضاء یا ادا کی نیت کرنا واجب نہیں بلکہ صرف قربۃً الی اللہ کی نیت سے نماز انجام دینا کافی ہے۔

سوال۵۹: اگر کوئی شخص فجر سے پہلے جاگ جائے تو کیا اس کے لئے دوبارہ سونا جائز ہے جب کہ اسے معلوم ہے کہ وہ پھر نماز کا وقت ختم ہونے سے پہلے نہیں جاگے گا ؟ اور کیا اس پر کسی alarm مثلاً گھڑی کا بندوبست کرنا بھی واجب ہے؟اور اسی طرح ایسی شب بیداری کا کیا حکم ہے کہ جس کے نتیجے میں نماز قضا ہو جائے؟

جواب: دوبارہ بغیر کسی alarm کے سو جانا اگر نماز کی اہمیت کم کرنا یا اس کی ادائیگی میں سستی سمجھی جائے تو جائز نہیں ہے اور یہی حکم ایسی شب بیداری کا ہے جو نماز کے قضا ہونے کا سبب بنے۔

سوال۶۰: اس ظہر اور عصر کی نماز کے بارے میں کیا حکم ہے جس میں بعض حروف جیسے سین اور شین ،حاء اور کاف ظاہر ہو جاتے ہو جب کہ یہ معلوم ہے کہ یہ نماز آہستہ پڑھی جاتی ہے نہ کہ آواز سے، لیکن اطمینان حاصل کرنے کے لئے یہ الفاظ ظاہر ہو جاتے ہیں؟

جواب: اس میں کوئی حرج نہیں۔

سوال۶۱: کیا جمعہ کے روز غروب تک ظہر کی نماز کو آواز سے پڑھنے کا مستحب ہونا باقی رہتا ہے؟

جواب: جی ہاں، باقی رہتا ہے۔

سوال۶۲: جمعہ کے دن نماز ظہر کی قرائت بلند آواز سے انجام دینے کے بارے میں مسافر کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: بلند آواز سے قرائت کرنا مستحب ہے۔

سوال۶۳: جو شخص بیٹھ کر تشہد ادا نہ کر سکتا ہو کیا اس کے لئے کھڑے ہونے کی حالت میں تشہد پڑھنا واجب ہے یا کرسی پر بیٹھ کر بھی انجام دیا جا سکتا ہے؟

جواب: احتیاط لازم کی بناء پر اسے کرسی یا ایسی ہی کسی چیز پر بیٹھ کر تشہد انجام دینا ہوگا۔

# روزہ

## عمومی مسائل

سوال۶۴: ایک شخص روزہ رکھنے کے معاملے میں سنجیدہ نہ تھا، کبھی روزہ رکھتا تو کبھی نہیں اور مبطلات روزہ فقط ایک دفعہ انجام نہیں دیتا بلکہ متعدد بار استعمال کرتا تھا۔ تو ایسے شخص پر کتنے روزوں کی قضا واجب ہو گی؟ اور کفارہ کی مقدار کس قدر ہو گی اور کیا مبطلات روزہ کی مختلف اقسام کے استعمال میں کفارہ کی مقدار الگ الگ ہوا کرتی ہے؟ اور کفارے کے سلسلے میں آج کے کھانے کی قیمت کا ادا کرنا واجب ہے یا جس دن روزہ نہ رکھا ہو اس دن کی قیمت کا ادا کرنا واجب ہے؟

جواب: جن روزوں کے نہ رکھنے کا یقین ہے اس کی قضا کی جائے گی جب کہ جن کا احتمال ہے کہ انھیں رکھا ہے اس کی قضا نہیں اور جس روزے کو جان بوجھ کر نہ رکھا ہو اس میں کفارہ بھی دینا ہو گا۔ اس سلسلے میں چاہے حلال سے افطار کیا ہو یا حرام سے کوئی فرق نہیں اور کفارے میں خود کھانے کو دینا ضروری ہے قیمت کافی نہیں اور اگر روزے کی قضا کرنے میں ایک سال تک کی تاخیر کی ہو تو اس کا

فدیہ دینا بھی لازم ہے جو ہر روزے کے بدلے ۷۵۰ گرام طعام ہے۔

سوال ۶۵: کیا ایسا شخص جس پر ماہ رمضان کے روزوں کی قضا واجب ہو وہ کسی میت یا اجیر کی جانب سے بلامعاوضہ روزہ رکھ سکتا ہے؟

جواب: اس صورت میں اگر یہ بلامعاوضہ رکھے جانے والے روزے واجب روزوں میں سے ہوں جیسے ماہ رمضان کے قضا روزے تو بعید نہیں ہے کہ یہ بلامعاوضہ روزے اپنے اوپر موجود ماہ رمضان کے روزوں کی قضا کی ادائیگی سے پہلے بھی صحیح ہو جائیں۔

سوال ۶۶: کھانے کے دوران ہمیں معلوم ہوا کہ اذان صبح ہو رہی ہے، جب کہ اس کی وجہ یہ تھی کہ ہماری گھڑی پانچ منٹ پیچھے رہ گئی تھی۔ اب ہمارے روزے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: آپ پر اس کی قضاء کرنا ضروری ہے۔

# عید

سوال ۶۷: اگر انسان کو فلکیات کے ماہرین کی گواہی سے مہینے کی پہلی تاریخ کا اطمینان آجائے تو کیا اس سے پہلی ثابت ہو جائے گی اور وہ مہینے کی پہلی کے احکام جاری کر سکتا ہے؟

جواب: اگر ان کی بات سے یہ اطمینان حاصل ہو جائے کہ اس کے علاقے کے افق پر چاند کو صرف انسانی آنکھ سے دیکھا جا سکے گا تو پھر پہلی ثابت ہو جائے گی۔

# فطرہ

سوال ۶۸: طعام کی بہت سی اقسام ہیں جیسے کھجور اور چاول۔ تو جو شخص فطرے میں رقم نکال رہا ہے کیا اس پر واجب ہے کہ نیت کرے کہ کس چیز کی قیمت دے رہا ہے یا اتنا کافی ہے کہ پوچھ لے کہ فطرہ کتنا ہے اور اسے کہہ دیا جائے مثلاً ۳۵ روپے اور وہ اس قدر دے دے؟

جواب: واجب ہے کہ یہ نیت کرے کہ بطور خاص کس طعام کی قیمت فطرے کے طور پر دے رہا ہے۔

سوال ۶۹: اولاد گھر کے خرچ میں اپنے والد کے ساتھ شریک ہے اور یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ خرچ میں کس کا کتنا حصہ ہے۔ ہمیشہ باپ ہی عادت کے مطابق فطرہ نکال دیا کرتا تھا۔ کیا یہ کافی ہے کہ اب بھی باپ سب کا فطرہ نکال دے جب کہ اولاد نے اپنے والد کو اس سلسلے میں اپنا وکیل نہیں بنایا یا ضروری ہے کہ اولاد صراحت کے ساتھ اپنے والد کو اس سلسلے میں اپنا وکیل بنائے اور والد کے

لئے بھی ضروری ہے کہ ان کی جانب سے فطرہ نکالتے وقت نیت کرے کہ میں ان کا وکیل بن کر فطرہ نکال رہا ہوں۔ کیا فطرہ نکالنے کے بعد رشتہ داروں کو ان کے وطن میں پہنچانا جائز ہے؟

جواب: والد کا فطرہ نکالنا کافی نہیں ہے چاہے اولاد اپنے والد کو وکیل بنادے سوائے اس صورت کے کہ والد اولاد کا فطرہ اولاد کے مال ہی سے نکالے یا اپنے مال سے فطرہ نکالنے سے پہلے ہی اولاد کو اس مال کا مالک بنادے۔

احتیاط واجب یہ ہے کہ شہر میں مستحق کے ہوتے ہوئے اسے کسی اور مقام پر نہ بھجوایا جائے۔

سوال ۷۰: اگر کوئی شخص ایک یا چند افراد کو عید کی رات میں افطار کے لئے اپنے گھر پر دعوت دے تو کیا واجب ہے کہ ان کا فطرہ بھی نکالے جب کہ وہ افراد افطار سے فارغ ہو کر اپنے گھروں کو لوٹ گئے ہیں اور میزبان کے ہاں رات نہیں گزاری؟

جواب: واجب نہیں۔

# حج

سوال ۷۱: وہ شخص جس پر حج واجب ہو چکا تھا مگر پھر استطاعت ختم ہوگئی۔ اب کیا اس کے لئے کسی کا نائب بن کر حج کرنا جائز ہے؟

جواب: اگر وہ خود اپنا حج کرنے کی قدرت نہیں رکھتا تو اس کے لئے جائز ہے کہ اجارے پر دوسرے کے لئے حج کرے۔

سوال ۷۲: میرا شوہر حج کے اخراجات دے رہا ہے جب کہ میں جانتی ہوں اس پر خمس نہیں ادا کیا گیا ہے تو کیا مجھ پر خمس کا ادا کرنا واجب ہوگا؟

جواب: آپ پر کوئی چیز واجب نہیں، خمس صرف آپ کے شوہر پر واجب ہوگا۔

سوال ۷۳: کیا اس عورت پر حج واجب ہوگا جس کا شوہر مقروض ہو اور مہینے کی آمدنی کا ایک بڑا حصہ قرض کی ادائیگی میں دیتا ہو؟

جواب: مستطیع ہونے کی صورت میں زوجہ پر حج واجب ہوگا۔

سوال ۷۴: اگر میرے شوہر کے ذمے مہر کی کچھ مقدار ادا کرنا باقی ہو یا طے ہوا ہو کہ

بعد میں ادا کرے گا، جب کہ وہ مقدار حج کے اخراجات کے لئے کافی ہو تو کیا اس صورت میں مجھے یہ حق حاصل ہے کہ اس باقی ماندہ مہر کا مطالبہ کروں تا کہ اس کے ذریعے حج کا فریضہ انجام دے سکوں؟

جواب: آپ کو حق حاصل ہے بلکہ واجب ہے کہ آپ مطالبہ کریں سوائے اس صورت کے کہ یہ مطالبہ آپ کے لئے حرج کا باعث ہو مثلاً اس کی وجہ سے جھگڑے یا طلاق کی نوبت آجائے تو اس صورت میں واجب نہیں ہے۔

سوال ۷۵: اس حج کے بارے میں کیا حکم ہے جس کے لئے رقم چند سالوں میں جمع کی اور اس کا خمس بھی نہیں نکالا؟

جواب: اس صورت میں اگر اس کے احرام اور طواف کا لباس مباح ہو اور قربانی کی قیمت بھی مال مباح سے دی جائے یا پھر ان تمام کو اپنے ذمے پر خریدا ہو اور اس کی ادائیگی اس رقم سے کی ہو جس پر خمس نہیں نکالا گیا ہو جیسے کہ عام طور پر ایسا ہی ہوا کرتا ہے تو اس صورت میں اس کے حج کو صحیح مان لیا جائے گا۔

سوال ۷۶: ایک شخص کے پاس اتنا مال ہے جس سے حج ادا کیا جا سکے لیکن اس کے ذمے خمس بھی واجب الادا ہے۔ اگر وہ خمس نکالے تو پھر اس کے لئے حج کی ادائیگی ممکن نہ رہے گی۔ تو اس صورت میں کیا اس پر حج واجب ہوگا؟

جواب: اس پر حج واجب نہ ہوگا سوائے اس کے کہ حج اس پر پہلے سے واجب ہو۔

سوال ۷۷: ایک شخص جس کے ذمّے کچھ "ردّ مظالم" واجب الادا ہے، حج کے لئے مستطیع ہوگیا ہے۔ کیا اس پر واجب ہے کہ حج ادا کرے یا جو حقوق الناس اس کی گردن پر باقی رہ گئے ہیں انہیں ادا کرے؟

جواب: اگر حقوق الناس جتنی رقم کے علاوہ اس کے پاس اتنا مال نہیں ہے کہ جس سے حج کر سکے تو مستطیع نہیں مانا جائے گا۔

سوال ۷۸: نہ میرے پاس ذاتی مکان ہے، نہ ہی میرا کوئی کاروبار ہے۔ میرے پاس کوئی مال بھی نہیں ہے سوائے کچھ مقدار کے جو اتنی ہے کہ اس سے حج ادا کیا جا سکے۔ اس صورت میں مجھ پر کیا چیز زیادہ واجب ہے، حج کرنا یا ذاتی مکان کا انتظام کرنا؟

جواب: اگر ذاتی مکان کا نہ ہونا آپ کے لئے حرج کا باعث نہیں ہے تو پھر حج واجب ہو جائے گا۔

سوال ۷۹: ایک شخص نے اپنے پاس کچھ مال جمع کیا۔ حج کے موقع پر وہ چاہتا ہے کہ چونکہ پہلے حج نہیں کیا ہوا، حج ادا کرے۔ جب کہ یہ شخص کنوارا بھی ہے اور شادی کی خواہش بھی رکھتا ہے۔ اس کے پاس موجود مال کسی ایک ضرورت کو پورا کر سکتا ہے، تو اس پر کیا واجب ہے؟ کیا اس مال کو فریضۂ حج کی ادائیگی کے لئے استعمال کرے یا شادی کے لئے؟

جواب: اگر شادی نہ کرنا یا اس میں تاخیر کرنا اس کے لئے شدید حرج میں

پڑ جانے کا باعث نہ بن رہا ہو تو واجب ہے کہ اس مال کو حج کے لئے استعمال کرے۔

سوال ۸۰: ایک نوجوان ہے جو مستطیع ہے لیکن اس کے امتحانات اور حج کا وقت اس طرح ایک ساتھ آرہا ہے کہ اگر وہ حج کے لئے سفر کرے تو اس کی پڑھائی متاثر ہوگی۔ اس صورت میں اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: اگر حج کا سفر اس کے لئے ایسے نقصان کا باعث بنے جو معمولی نہ سمجھا جائے تو ایسی صورت میں وہ مستطیع نہیں مانا جائے گا۔

سوال ۸۱: کیا ہر سال مردوں اور عورتوں کے لئے حج کی انجام دہی تاکیدی طور پر مستحب ہے یا اس میں کوئی تفصیل ہے، خاص طور پر موجودہ سالوں میں کہ جس کے اندر دوبارہ حج نہ کرنا گویا ان لوگوں کو ایک سہولت اور موقع عطا کرنا ہے جنہوں نے اب تک حج نہیں کیا؟

جواب: اس کا مستحب ہونا تمام افراد کے لئے ثابت ہے۔

سوال ۸۲: ایسا ضعیف شخص (بوڑھا یا بوڑھی) جس کے لئے حج کی ادائیگی کے لئے جانا ممکن نہ ہو تو کیا اسے حق حاصل ہے کہ دوسرے کو اس کے لئے نائب بنائے؟

جواب: اس پر واجب ہے کہ اس فرض کی ادائیگی کے لئے نائب بنائے۔

سوال ۸۳: جس شخص پر اپنی زندگی میں حج واجب ہو چکا ہو (اور اس نے اس وقت

حج انجام نہ دیا ہو ) کیا اس پر واجب ہے کہ قرضہ لے کر حج کرے چاہے اس کے لئے حرج کا باعث ہو اور کیا واجب ہے کہ اپنی سروس چھوڑ کر حج پر جائے چاہے اس کے نتیجے میں حرج میں مبتلا ہو جائے؟

جواب: اگر اس کے بغیر حج کی ادائیگی ممکن نہ ہو تو عذاب سے بچنے کے لئے ان امور کو انجام دینا واجب ہوگا۔

# خمس

## عمومی مسائل

سوال ۸۴:	کیا خمس نکالنے کا سال تبدیل کرنا جائز ہے؟

جواب:	اگر کوئی شخص پچھلے سال کی تمام کمائی کا حساب کر کے اس کا خمس نکال دے تو اگلے جس دن اسے فائدہ حاصل ہو گا وہ اس کے خمس کے لئے نئے سال کا پہلا دن ہو گا۔

سوال ۸۵:	نابالغ بچے کے مال میں سے خمس نکالنا واجب ہے یا مستحب؟

جواب:	واجب ہے۔

سوال ۸۶:	کافی عرصے سے میں نے خمس نہیں نکالا۔ کیا ان کپڑوں اور مصلّے پر جن کا خمس نہیں نکالا گیا، نماز صحیح ہو گی؟

جواب:	اگر خمس عین اس کپڑے پر جسے پہن کر نماز میں ستر پوشی کی تھی یا مصلّے پر واجب الادا تھا تو احتیاط کی بناء پر نماز باطل ہو گی، لیکن اگر اسے علم نہ تھا یا جاہل

قاصر تھا تو نماز صحیح مانی جائے گی۔ البتہ چونکہ عام طور پر کپڑوں وغیرہ کی خرید و فروخت بطور کلی انسان کے ذمے پر ہوتی ہے، لہذا خمس بھی انسان کے ذمے آجاتا ہے، خود کپڑے پر نہیں آتا۔

سوال ۸۷: جب کسی کو شک ہو کہ اس پر خمس واجب ہوا ہے یا نہیں یا یہ شک ہو کہ اس نے خمس ادا کر دیا ہے یا نہیں تو اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: پہلی صورت میں ضروری ہے کہ جس مقدار میں خمس واجب ہونے کا احتمال ہے اس کی بہ نسبت اپنے مجتہد یا اس کے وکیل سے مصالحت کرے۔ جب کہ دوسری صورت میں اس پر خمس کی ادائیگی واجب ہے۔

سوال ۸۸: بغیر کسی ضرورت کے صرف خمس سے بچنے کی خاطر اگر کوئی شخص کسی کتاب کے چند صفحات پڑھے تو کیا اس سے خمس ساقط ہو جائے گا؟

جواب: اس سے خمس ساقط نہیں ہوگا۔

سوال ۸۹: کیا اس شخص کا کھانا کھانا جائز ہے جس کے بارے میں ہم نہیں جانتے کہ وہ حقوق شرعی یعنی خمس اور زکاۃ ادا کرتا ہے یا نہیں؟

جواب: اس کا وبال اس پر ہے اور آپ پر اس کو حلال کیا گیا ہے۔

سوال ۹۰: اگر کپڑے پر ایک سال گزر جائے جب کہ ابھی اسے سلوایا نہیں ہے، تو کیا اس پر خمس واجب ہوگا؟

جواب: اگر دوران سال کے منافع میں سے ہو تو خمس ادا کرنا واجب ہے۔

سوال ۹۱: اگر انسان اپنی شادی کے لئے وقتاً فوقتاً کچھ مال اپنی استطاعت کے لحاظ سے جمع کرتا رہے تو کیا اس پر خمس واجب ہوگا؟

جواب: ایسے مال پر خمس واجب نہیں ہے۔

سوال ۹۲: کیا فوٹو گرافی کے ذریعے جو تصاویر بنائی جاتی ہیں اس پر سال گزرنے کے بعد خمس واجب ہوتا ہے؟

جواب: یہ تصاویر اگر انسان کی حیثیت سے یا اس کی ضرورت سے بڑھ کر نہ ہوں تو اس پر خمس واجب نہیں ہوتا اور شاید جو علماء ان پر خمس کو واجب جانتے ہیں وہ اس لئے کہ یہ ان کی حیثیت یا ضرورت سے بڑھ کر ہوتا ہے۔

سوال ۹۳: ایسا شخص جس کے لئے ایک ہی سال میں اپنے گھر کی تعمیر ممکن نہ ہو بلکہ اپنی ماڈی صورتحال کے اعتبار سے ضروری ہو کہ دو یا زیادہ سالوں میں اپنا گھر بنوائے، تو کیا جس سال سے اس گھر کو رہنے کے لئے استعمال کرے گا اس سے پہلے کے سالوں کے لئے اس گھر کا خمس نکالنا ضروری ہوگا؟

جواب: اگر اس جیسے افراد کے لئے رائج طریقہ ہی یہ ہو کہ چند سالوں میں گھر کا مالک بن سکے، مثلاً ایک سال میں زمین خریدے، اگلے سال میں لکڑی اور لوہا وغیرہ خریدے اور اس طرح گھر کا مالک بن سکے اور کیفیت یہ ہو کہ جو کچھ اس

نے ہر سال تیار کیا ہے وہ اس کی شان کے مطابق ہو تو ظاہر یہ ہے کہ اس پر خمس دینا ضروری نہیں۔

سوال۹۴: کچھ کتابیں جو میں نے خریدی ہیں لیکن انہیں استعمال نہیں کر سکا ہوں، اس وجہ سے کہ میں اس مقام پر نہیں تھا جہاں کتابیں رکھیں تھیں یا اس لئے کہ میں ابھی ان کتابوں کے مطالعے کے اسٹیج تک نہیں پہنچا تھا یا مسافرت پیش آگئی تھی، کیا ان پر خمس دینا ضروری ہوگا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال۹۵: کیا اس رقم پر جو بینک میں اس لئے رکھی جائے تا کہ قرعہ اندازی کے نتیجے میں اس پر فائدہ حاصل ہو خمس واجب ہوگا؟

جواب: اس پر خمس واجب ہوگا۔

سوال۹۶: گھر کی خوبصورتی اور آرائش کے لئے قیمتی ڈیکوریشن Pieces یا ہاتھ سے بنی ہوئی ایسی مختلف اشیاء کو خریدنے کے بارے میں کیا حکم ہے جنہیں ریاضی وغیرہ کی مختلف شکلوں میں بنایا جاتا ہے؟

جواب: جائز ہے اور اگر معاشرے کے اعتبار سے یہ اس کی شان کے مطابق ہوں تو اس پر خمس بھی واجب نہیں ہے۔

# تحفے پر خمس

سوال ۹۷: کیا عید اور ازدواج کے موقع پر جو تحائف ملتے ہیں ان پر خمس واجب ہوتا ہے؟

جواب: اگر یہ تحائف سال کے دوران اخراجات میں استعمال نہ ہوں تو پھر ان پر خمس واجب ہوگا۔

سوال ۹۸: جو تحفہ ملے کیا اس پر خمس ضروری ہے؟ اور کیا والد کی جانب سے دیئے گئے تحفے کا حکم دوسروں سے مختلف ہے؟

جواب: دونوں کے درمیان کوئی فرق نہیں اور تحفہ پر خمس اس صورت میں واجب ہوگا جب اسے سال بھر کے دوران استعمال میں نہ لایا گیا ہو۔

سوال ۹۹: کیا تحفے پر خمس نکالنا واجب ہے؟

جواب: اگر مراد وہ تحفہ ہے جو آپ کو دیا گیا ہے اور آپ نے اسے استعمال نہیں کیا تو خمس کے سال کی ابتداء پر اس کا خمس دینا واجب ہوگا اور اگر مراد وہ تحفہ ہے جو آپ کسی کو دیتے ہیں تو اگر وہ آپ کی مالی حیثیت اور مقام سے بڑھ کر نہ ہو تو اس پر خمس واجب نہیں۔

# وراثت پر خمس

سوال۱۰۰: وراثت میں ایک شخص کو ایسا مکان ملا جس پر خمس واجب ہو چکا تھا مگر اس کی ادائیگی ابھی ممکن نہیں تو کیا اس میں رہائش اختیار کرنا جائز ہے؟

جواب: وراثت میں خمس واجب نہیں ہے اور اگر مرحوم خمس نہیں نکالتا تھا تو پھر ورثہ پر خمس نہیں، لیکن اگر وہ شخص خمس نکالا کرتا تھا مگر اس نے اس مکان کا خمس نہیں نکالا ہو اور ورثاء بھی ابھی اس کی قدرت نہیں رکھتے اور انھیں اس کی ضرورت بھی ہو تو پھر ان کے لئے ضروری ہے کہ اس حق شرعی کو اپنے ذمے قرضے پر لینے کے لئے وکیل سے اجازت طلب کریں اور پھر آہستہ آہستہ اپنی حیثیت کے اعتبار سے بغیر سستی اور لاپرواہی کے اس کی ادائیگی کرتے رہیں۔

سوال۱۰۱: میرے والد کی وفات کو دس سال سے زائد کا عرصہ گذر چکا ہے اور اب دس سال بعد مجھے میراث میں سے میرا حصّہ ملا ہے کیا اب مجھ پر خمس واجب ہوگا جب کہ اس دوران میراث پر فائدہ بھی حاصل ہوا ہے اور میں میراث کی اصل مقدار سے بھی ناواقف ہوں؟

جواب: میراث پر خمس واجب نہیں ہے لیکن وہ فائدہ جس پر ایک سال کا عرصہ گزر چکا ہو اس پر خمس واجب ہوگا۔

سوال۱۰۲: میرے والد نہ خوشحالی کے زمانے میں خمس نکالتے تھے اور نہ تنگ دستی کے

زمانے میں۔ تو اب میری کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: آپ پر کوئی چیز لازم نہیں ہے۔

# قرضے پر خمس

سوال ۱۰۳: کیا اس مال کا بھی خمس نکالنا واجب ہے جسے دوسرے کو ایک معین مدت کے لئے قرض دیا گیا ہو؟

جواب: جی ہاں واجب ہے۔

سوال ۱۰۴: میرے رشتے داروں میں سے کسی نے میرے مال کو قرضے کے طور پر لیا۔ اب جب کہ وہ دوبارہ میرے پاس آگیا لیکن میں یہ بھول چکا ہوں کہ اس مال پر خمس نکال دیا گیا ہے یا نہیں، تو کیا میں اس پر خمس نکالوں یا نہیں؟

جواب: واجب ہے کہ اس کا خمس نکالا جائے۔

سوال ۱۰۵: سال کے آخر میں اگر کسی کے پاس کل ایک ہزار دینار ہوں اور دو ہزار دینار اس نے کسی کو بطور قرض دے ہوں، اس صورت میں اس شخص کو ایک ہزار دینار کا خمس نکالنا ہوگا یا تین ہزار کا؟

جواب: سال کے اختتام پر اسے ہزار دینار کا خمس دینا ہوگا اور بقیہ دو ہزار کا خمس اس وقت واجب ہوگا جب ان کا حصول ممکن ہو جائے۔

سوال۱۰۶: اگر کوئی شخص خمس کے سال کے دوران اپنے اخراجات کے لئے قرض لے تو کیا خمس نکالتے وقت قرض کی مقدار کو جدا کر سکتا ہے؟

جواب: اس سال کے منافع میں سے اس کو جدا کرنا جائز ہے مگر پھر اس قرض کی ادائیگی وہ اس مال سے کرے گا جس پر یا تو خمس نکال دیا گیا ہو یا پھر وہ وراثت کے اموال کی طرح ہو۔

سوال۱۰۷: سال کے اختتام پر جب موجودہ اموال کا حساب کیا تو اس کی مقدار ہزار دینار تھی، جب کہ اس پر سالانہ اخراجات کے سلسلے میں دوسو دینار کا قرضہ بھی واجب الادا ہے، تو خمس ہزار دینار کا نکالنا ہوگا یا آٹھ سو دینار کا؟

جواب: اگر قرضہ اخراجات کی مد میں لیا گیا ہے تو آٹھ سو دینار کا خمس دینا ہوگا۔

سوال۱۰۸: میں نے ایک تجارتی بینک سے آقائے سیستانی کے ایک وکیل کی اجازت سے قرض لیا جس کی مقدار 15000 دینار تھی۔ ایک سال گزرنے پر میری تنخواہ سے 250 دینار ہر مہینے کی قسط کے اعتبار سے 3000 دینار کا قرضہ اتر چکا تھا۔ باقی 12000 دینار بھی اسی طرح چار سال کی مدت میں ادا کردوں گا۔

سوال یہ ہے کہ سال گزرنے پر مکمل قرضے کا خمس ادا کرنا ہوگا یا صرف اسی مقدار کا خمس ادا کرنا ہوگا جس کا میں قرضہ اتار چکا ہوں؟

جواب: اگر بینک سرکاری یا نیم سرکاری (مشترک) ہو تو آپ کی ذمہ داری ہے

کہ سال گزرنے کے بعد اس ساری مقدار کا خمس نکالیں جو آپ کے پاس بچی ہوئی ہے اور آپ نے اسے سال بھر کے اخراجات میں استعمال نہیں کیا ہے۔

جب کہ اگر بینک پرائیوٹ ہو تو پھر آپ کی ذمہ داری ہے کہ سال کی آمدنی میں سے جتنی قرضے کی مقدار آپ نے لوٹا دی ہے، اور اس کی اصل مقدار آپ کے پاس سال کے اخراجات میں استعمال نہیں ہوئی ہے، اس کا خمس نکالیں۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ بینک سے قرضہ لینے کے لئے کسی وکیل کی اجازت ضروری نہیں۔ کیونکہ پرائیوٹ میں تو ویسے ہی اجازت ہے جب کہ سرکاری بینکوں کے لئے حضرت آیۃ اللہ نے عمومی طور پر تمام مومنین کو اجازت مرحمت فرمادی ہے۔

# مصرفِ خمس

سوال ۱۰۹: کیا مرجع تقلید کے علاوہ کسی دوسرے مجتہد کو خمس دینا جائز ہے جب کہ استعمال دونوں کا واحد ہو یعنی ایک ہی مقام ہو؟

جواب: احتیاط واجب کی بناء پر خمس اسی مجتہد کو دیا جائے گا جس کی تقلید کی جارہی ہو یا پھر اس مقام پر خرچ کیا جائے گا جس کی اس نے اجازت دی ہو۔

سوال ۱۱۰: خمس کو کس طرح تقسیم کیا جائے گا۔ کیا سہم امام علیہ السلام کو مسلمانوں کی

بھلائی کے امور میں خرچ کرنا جائز ہے؟

جواب: خمس کا آدھا حصہ ان سادات کو دیا جائے گا جو کوئی ایسا کام کرنے کے قابل نہ ہوں جس سے اپنی زندگی کا گزارا کرسکیں جب کہ دوسرا نصف حصہ حاکم شرع کو دیا جائے گا جس کا احتیاط واجب کی بناء پر اعلم ہونا ضروری ہے، تا کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اسے خرچ کر سکے۔ کسی بھی فرد کے لئے حاکمِ شرع کی اجازت کے بغیر اس حصے میں تصرف کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۱۱: کیا سہم امام علیہ السلام کو امام بارگاہ یا مسجد کے بنانے یا اس کی مرمت کرنے میں خرچ کرنا جائز ہے؟

جواب: مرجع اعلم کی اجازت سے جائز ہے۔

سوال ۱۱۲: کیا حکومت کو دیا جانے والا ٹیکس، خمس کی بابت میں حساب کیا جا سکتا ہے؟

جواب: ٹیکس کی ادائیگی کے بعد اس مقدار کو اخراجات میں شمار کیا جائے گا۔

# کاروبار

## بینک

سوال۱۱۳: بینک میں رکھی گئی رقوم پر ملنے والے فائدے کا کیا حکم ہے؟

جواب: پرائیوٹ بینک میں اگر رقم رکھتے وقت اس فائدے کی شرط نہ رکھی گئی ہو تو اسے لینا جائز ہے اگرچہ یہ جانتے ہوں کہ بینک فائدہ دے گا۔ اسی طرح کافر بینک میں بھی یہی حکم ہے بلکہ اس میں اگر شرط بھی رکھی گئی ہو تب بھی فائدے کو حاصل کرنا جائز ہے۔ جب کہ اسلامی حکومت کے سرکاری یا نیم سرکاری بینکوں سے اس صورت میں آدھے فوائد لئے جاسکتے ہیں جب رقم رکھتے وقت اس کی شرط نہ کی گئی ہو جب کہ دوسرا آدھا حصہ کسی دیندار فقیر کو دینا ہوگا۔

سوال۱۱۴: جب ہمیں علم ہو کہ بینک ہمارے شرعی معاملے کے ساتھ رکھوائے گئے اموال سے سودی کاروبار کرتا ہے تو کیا بینک کی طرف سے دیا جانے والا فائدہ لیا جاسکتا ہے؟

جواب: جب آپ کو یقین ہو جائے کہ آپ کے رکھوائے گئے اموال پر سودی کاروبار کیا جارہا ہے تو اس صورت آپ کے لئے فائدہ کا حصول جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۱۵: میں ایک ریٹائرڈ معلّم ہوں۔اب مجھ میں کام کرنے کی قدرت نہیں رہی۔ میرے بیوی بچے بھی ہیں اور میں مستقبل میں پیش آنے والی معاشی مشکلات سے خوفزدہ ہوں تو کیا میرے لئے جائز ہے کہ میں اپنی موجودہ رقم کو بینک میں رکھوادوں اور اس طرح حاصل ہونے والے منافع کو استعمال کرتا رہوں؟

جواب: اگر بینک کافر ہو تو اس صورت میں کوئی حرج نہیں۔

سوال ۱۱۶: بعض اوقات بینک اپنے کھاتہ داروں کے لئے قرعہ اندازی کے ذریعے انعامات کا اعلان کرتا ہے، کیا بینک سے یہ انعامات وصول کرنا صحیح ہے؟

جواب: اگر بینک کی طرف سے یہ کام بغیر کسی شرط یا قرارداد کے صرف اپنے کھاتہ داروں کو شوق دلانے اور اپنا بیلنس بڑھانے کے لئے ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور جس کے نام کا قرعہ نکلا ہے وہ یہ انعام حاصل بھی کرسکتا ہے۔ ہاں، اسلامی ممالک میں بینک کے حکومتی یا نیم حکومتی ہونے کی صورت میں اس انعام کو حاصل کرنے اور اس میں تصرف کرنے کی اجازت اسی صورت میں ملے گی جب اس کا آدھا حصہ کسی دیندار مومن فقیر کو دے دیا جائے۔

سوال ۱۱۷: کیا کافر کے بینک جو مملکت اسلامیہ میں موجود ہوں اس میں مال رکھوانا جائز ہے؟

جواب: اگر وہ ایسا کافر ہے جس کا مال محترم نہیں ہے تو اس میں مال رکھوانا سود کی شرط کے ساتھ بھی جائز ہے۔

سوال ۱۱۸: کیا بینک کو سود لینے کی شرط سے پیسہ دینا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

# حکومتی اموال

سوال ۱۱۹: اگر کوئی شخص حکومتی اموال میں سے کسی چیز کو خراب کر دے یا حکومت کی اجازت کے بغیر کسی چیز کو اٹھا کر استعمال کر لے یا مثلاً کھانے پینے کی چیزیں خود پر اور اپنے گھر والوں پر صرف کر لے، تو کیا وہ ضامن ہو گا اور اس کی کیا کیفیت ہو گی؟

جواب: جی ہاں، وہ ضامن ہے اور اس کی ذمہ داری ہے کہ اس سلسلے میں حاکم شرع سے رجوع کرے۔

سوال ۱۲۰: میں مرحوم مجتہد کی تقلید پر باقی ہوں اور احتیاط کے مسائل میں آقائے سید سیستانی مدظلہ کی طرف رجوع کرتا ہوں تو کیا حکومتی، پرائیوٹ ادارے یا ان

افراد کی جانب سے جو اپنا شخصی کاروبار کرتے ہیں، مال لیتے وقت مرحوم مجتہد کی جانب سے وصول کروں یا آقائے سید سیستانی مدظلہ کی جانب سے؟

جواب: وہ اموال جو پرائیوٹ اداروں اور افراد کی جانب سے ملتا ہے اس میں اجازت کی ضرورت نہیں، لیکن اسلامی ممالک میں حکومت کی جانب سے ملنے والے مال میں مرحوم مجتہد کی اجازت کافی نہ ہوگی بلکہ ضروری ہے کہ اپنے زندہ مرجع سے اجازت لیں۔

سوال ۱۲۱: ان ممالک میں جن کی حکومت شرعی حکومت نہیں ہے، کیا حکومتی افسر کے لئے جائز ہے کہ اپنے ادارے مثلاً اسکول سے کچھ اشیاء مثلاً رجسٹر، قلم، کاغذ وغیرہ اٹھالے، یا مثلاً اگر وہ اسپتال میں کام کرتا ہے تو کیا وہاں سے دوائیاں اور مرہم وغیرہ لے جاسکتا ہے؟

جواب: آیۃ اللہ سیستانی مدظلہ العالی کے نزدیک یہ کام حتماً ناجائز ہے۔

سوال ۱۲۲: کیا غیراسلامی حکومت کے اموال کو استعمال کرنا جائز ہے جب کہ حکومت کے افراد مسلمان ہوں یا مرجع کی اجازت ضروری ہے؟

جواب: ملک کے قانون کے مطابق استعمال کرنا واجب ہے اور اس سلسلے میں حاکم شرع کی اجازت کی بھی ضرورت نہیں ہے۔

# حرام/حلال

سوال۱۲۳: عام طور پر ادارہ جات میں ایک شخص کو مقرر کیا جاتا ہے جو آفس کی ضرورت کی چیزیں بازار سے خریدے، ایسے افراد کو مارکیٹ کے دکاندار عام طور پر مختلف تحائف وغیرہ دیا کرتے ہیں۔کیا ان کے لئے اس کا لینا جائز ہے؟

جواب: اگر نوکری کے agreement کی مخالفت نہ ہو رہی ہو تو لینا جائز ہے۔

سوال۱۲۴: کیا مدت دار چیک کو کم قیمت میں فوری طور پر بیچنا جائز ہے؟

جواب: یہ اسی صورت میں صحیح ہے کہ جب چیک کو ایک سند کے طور پر بیچا جائے جس کے تحت چیک کا خریدار اس مقدار کا مالک بنے گا جو چیک دینے والے کے ذمے بطور قرض واجب الادا ہے۔

سوال۱۲۵: کیا حرام مچھلی اور دوسرے بحری جانوروں کو ایسے افراد کے ہاتھوں کے فروخت کرنا جائز ہے جو انہیں حلال سمجھتے ہیں اور انہیں کھاتے ہیں، چاہے وہ مسلمان ہوں یا کافر؟

جواب: جائز ہے۔

سوال۱۲۶: سرکاری ، پرائیوٹ،اور نیم سرکاری بینکوں کے شیئرز خریدنے اور بیچنے

کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۲۷: کیا کفار سے سود کا لین دین جائز ہے؟

جواب: کفار سے سود لینا جائز ہے، البتہ انہیں سود دینا جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۲۸: اسرائیلی سوفٹ ویئرز جو انٹرنیٹ پر بات چیت یا دوسرے کاموں کے لئے استعمال ہوتے ہیں، مثلاً ICQ کے استعمال کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: آیۃ اللہ سیستانی اس کے استعمال کو جائز قرار نہیں دیتے۔

سوال ۱۲۹: آپ نے فتویٰ دیا ہے کہ ان کمپنیوں کی چیزیں خریدنا جائز نہیں جن کے منافع میں سے ایک حصّہ اسرائیل کی مدد کرنے کے لئے مخصوص ہے۔

۱) اب اگر ایسی کمپنی کی کوئی چیز موضوع یا حکم سے لاعلمی کی بناء پر خرید لی جائے یا جانتے ہوئے خریدی ہو پھر توبہ کر لے تو کیا ان میں تصرف کرنا جائز ہے جیسے کام میں لانا، پہننا، نماز میں پہننا، تحفہ دینا، ان سے محتاجوں کی اس طرح مدد کرنا کہ ان کمپنیوں کی تشہیر نہ ہو؟

۲) اگر اوپر بیان کی گئی چیزوں میں تصرف، حاکم شرع کی اجازت پر موقوف ہے تو کیا آپ اوپر بیان کردہ صورتوں میں اجازت دیں گے؟

جواب: تصرف کرنا جائز ہے۔

# ردِّ مظالم

سوال۱۳۰: جس شخص کے ذمے حقوق الناس واجب الادا ہوں لیکن اس بارے میں انہیں بتانے میں شرمندگی محسوس کر رہا ہو تو کیا جائز ہے کہ انہیں بتائے بغیر کسی طریقے سے ان کا حق ان تک پہنچا دے؟

جواب: ایسا کرنا کافی ہے۔

سوال۱۳۱: ایک شخص نے کچھ مال یا کھیتوں میں کھائی جانے والی چیزوں کو چوری کیا تھا جب کہ مالکان اس سے لاعلم تھے اور وہ جانتا ہے کہ چونکہ اس نے چوری کرکے یا کھیتوں پر کام کرنے والوں کے چلے جانے کے بعد یا ان کی غیر موجودگی میں اس طرح کے کام کئے ہیں تو وہ اس پر راضی بھی نہیں ہوں گے۔ اب وہ بعض مالکان کو تو پہچانتا ہے مگر بعض کو نہیں پہچانتا تو اس صورت میں توبہ کرنے کے بعد اسے کیا کرنا چاہئے؟ خصوصیت سے جن افراد کو وہ جانتا ہے وہ اب اس کو محبت اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں؟

جواب: وہ تمام افراد جنہیں وہ پہچانتا ہے، ضروری ہے کہ ان سے رضایت طلب کرے۔ ہاں، اگر ان کا حق انہیں لوٹا دے تو پھر ساری تفصیلات بتانا ضروری نہیں۔ جن افراد کو وہ نہیں جانتا، ضروری ہے کہ جتنے مال کا وہ ضامن ہے، ان کی جانب سے فقراء کو صدقہ دے دے۔

# نکاح

## عمومی مسائل

سوال۱۳۲: میں رشتۂ ازدواج سے منسلک ہونا چاہتا ہوں۔ اس سلسلے میں کسی فائدہ مند نصیحت کی گزارش ہے؟

جواب: دین کی پابندی اور اچھے اخلاق اہم ترین خصوصیت ہیں جو انتخاب کے سلسلے میں مدنظر رہے اور جس سے شادی کی جائے اس کے خاندان اور گھر والوں کی بلندئ شرافت بھی اس سلسلے میں ایسی ہی اہمیت رکھتی ہے۔

سوال۱۳۳: منگنی یا شادی کی انگوٹھی پہننے کے بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا ان دو موقعوں پر انگوٹھی یا چھلّہ تحفہ دینے یا پہننے کے سلسلے میں کوئی روایت یا شرعی قانون ہے؟

جواب: مرد کے لیے اگر سونے کے علاوہ ہے تو اسے پہننا جائز ہے اور عورتوں کے لئے اسے نامحرم سے چھپانا بھی واجب نہیں اور اسے تحفے کے طور پر دینے

میں کوئی حرج نہیں اور یہ تحفہ دینے کے عمومی طور مستحب ہونے کے حکم کے تحت ہو گا۔

سوال ۱۳۴: کیا کسی غیر شیعہ سے جس کا تعلق مسلمانوں کے مختلف فرقوں سے ہو شادی کرنا صحیح ہے؟

جواب: اگر گمراہی کا خوف نہ ہو تو صحیح ہے۔ البتہ یہ طبیعی طور پر انہیں لوگوں میں سے ہوسکتا ہے جو اہلبیت علیہم السلام سے دشمنی رکھنے والے نہ ہوں۔

سوال ۱۳۵: ایسی کنواری لڑکی جس کا نہ باپ زندہ ہو نہ دادا تو کیا کوئی عام شخص یا حاکم شرع اس کا ولی ہوسکتا ہے کہ اس لڑکی سے نکاح کے سلسلے میں اس سے بات کی جائے؟

جواب: ایسی صورت میں جب کہ نہ اس کا باپ زندہ ہو اور نہ دادا پھر کسی کے لئے بھی یہاں تک کہ حاکم شرع کے لئے بھی ولایت ثابت نہیں سوائے یہ کہ وہ ناسمجھ اور کم عقل ہو۔

سوال ۱۳۶: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دے دے اور اپنی اولاد پر سے اپنی ولایت کو بھی ساقط کردے تو کیا اس شخص کی بیٹی اپنے والد کی اجازت کے بغیر شادی کرسکتی ہے؟

جواب: ولایت ساقط ہو ہی نہیں سکتی۔

سوال ۱۳۷: کیا کسی ڈاکٹر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے کسی مریض کی بیماری کے بارے میں لڑکی یا اس کے رشتہ داروں کو بتائے جس سے اس کا رشتہ طے ہونے والا ہو؟

جواب: اگر لڑکی یا اس کے رشتہ دار، ڈاکٹر سے اس شخص کی صحت کے بارے میں رائے مانگیں تو اس ڈاکٹر کے لئے بتانا جائز ہوگا ورنہ جائز نہیں ہوگا، سوائے یہ کہ اسے یقین ہو جائے کہ نہ بتانے سے کوئی بڑا نقصان ہوگا۔

# محرم/نامحرم

سوال ۱۳۸: کیا ایسی نامحرم عورت کے چہرے پر نظر ڈالنا جائز ہے جس نے حجاب کیا ہوا ہو؟

جواب: جائز ہے۔

سوال ۱۳۹: کیا اس عورت کی بچپن کی بے پردہ تصویر کو دیکھنا جائز ہے جسے انسان پہچانتا ہو؟

جواب: اگر اس کی شکل وصورت میں زیادہ تبدیلی نہ آئی ہو اور کیفیت یہ ہو کہ اس کے بچپن کی تصویر کو دیکھنا گویا اس کی موجودہ تصویر کو دیکھنا ہو تو احتیاط واجب کی بناء پر ضروری ہے کہ اسے نہ دیکھے۔

سوال۱۴۰: خواتین کے لئے لباس اور مردوں کے ساتھ ان کے میل ملاپ کی شرعی حد کیا ہے؟

جواب: خواتین کے لئے نامحرموں سے چہرے اور ہاتھوں کے علاوہ باقی تمام بدن اور بالوں کا چھپانا واجب ہے اور مردوں سے ان کا میل ملاپ اخلاقی فساد کا باعث بنے تو جائز نہیں ہے۔

سوال۱۴۱: کیا نامحرم عورت سے ہاتھ ملانا جائز ہے جب کہ ہاتھوں کے درمیان میں پردہ وغیرہ بھی ہو اور حرام میں پڑنے کا خوف بھی نہ ہو؟

جواب: مذکورہ صورت میں جائز ہے۔

سوال۱۴۲: کیا نامحرم مرد یا عورت کو کپڑے کے ساتھ چھونا جائز ہے جبکہ یہ لذت یا جذبات ابھرے بغیر ہو؟

جواب: اس میں کوئی حرج نہیں۔

سوال۱۴۳: ایک عورت جس کی اپنی اولاد نہ ہو کسی بچے کو گود لے کر دودھ پلائے اور یہ دودھ جدید علمی طریقے سے آیا ہو تو کیا دودھ پلانے کی تمام شرائط کا خیال رکھنے کی صورت میں یہ بچہ رضاعی طور پر محرم بن جائے گا؟

جواب: رضاعی محرم نہیں بنے گا اور نہ ہی اس کے احکام جاری ہوں گے۔

سوال۱۴۴: عورت کے اس طرح نقاب پہننے کے بارے میں کیا حکم ہے جس میں

اس کی آنکھیں اور پیشانی کا بعض حصہ ظاہر ہو اور بقیہ چہرہ چھپا ہوا ہو اور ظاہری حصہ زینت اور اس سے شباہت رکھنے والی چیزوں کے بغیر ہو؟

جواب: اس حد تک چہرہ کھلا رکھنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

# نان و نفقہ

سوال ۱۴۵: کیا نفقہ پر قدرت ہونے کا مطلب یہ ہے کہ انسان کے پاس ساری ضروریات زندگی موجود ہوں یا اسے بھی قدرت کہا جائے گا کہ چاہے فی الحال موجود نہ ہوں لیکن کما کر یا کسی اور طریقے سے اسے حاصل کر سکتا ہو؟

جواب: اگر وہ اپنی حیثیت اور حالت کے مطابق کمانے کی قدرت رکھتا ہو اور اس کے پاس روزگار، کام کاج یا ہنر موجود ہو لیکن وہ فقط آرام وراحت کی خاطر کام نہ کرتا ہو تو پھر ایسے شخص کا نفقہ واجب نہیں ہوگا۔

سوال ۱۴۶: نفقہ کے واجب ہونے میں کیا یہ شرط بھی ہے کہ وہ نیک ہو اور رشتہ داری کا حق بھی ادا کرتا ہو یعنی معاشرے میں رائج طریقے کے مطابق قرابت داری کا حق ادا کرتا ہو اور انہیں اذیت نہ پہنچاتا ہو؟

جواب: یہ چیزیں شرط نہیں ہیں۔

سوال ۱۴۷: ایک شخص نے اپنی زوجہ کو اس وقت طلاق دی جب وہ دو بچوں کی ماں

بن چکی تھی۔ جب بچے اس سن کو پہنچے کہ ان میں سے کسی ایک کے ساتھ رہائش اختیار کرسکیں تو انہوں نے باوجود اس کے کہ ان کا باپ گھر میں ان کے لئے مناسب وسائل زندگی مہیا کر رہا تھا، اپنی ماں کے ساتھ رہنے کو ترجیح دی۔ اس صورت میں کیا باپ پر واجب ہے کہ وہ اپنے بچے کی رہائش اور ان کے کھانے پہننے کا خرچہ برداشت کرے اور اس کی مقدار کیا ہوگی؟

جواب: باپ پر اپنے بچوں کا نفقہ دینا تو واجب ہے لیکن جائز ہے کہ یہ نفقہ وہ خود اپنے گھر میں مہیا کرے اور بچوں سے مطالبہ کرے کہ گھر میں آ کر نفقہ حاصل کریں۔ یہ بالکل واجب نہیں کہ وہ ان کو ان کی ماں کے گھر میں نفقہ پہنچائے، سوائے اس کے کہ بچے باپ کے گھر نہ آنے کا کوئی عذر رکھتے ہوں تو پھر ان کے لئے اسی مقام پر نفقہ پہنچانا پڑے گا۔

# بیوی کے حقوق

سوال ۱۴۸: گھر میں کام کرنے کے لئے بیوی کو کسی خادمہ کی ضرورت ہے جو اس کا ہاتھ بٹا سکے، کیا شوہر کے لئے واجب ہے کہ خادمہ کا انتظام کرے؟

جواب: اگر بیوی کی کیفیت یہ ہو کہ اسے خادمہ کی ضرورت ہو تو شوہر پر اس کا انتظام کرنا واجب ہے اور بیوی کے لئے اس گھر میں کام کرنا واجب نہیں ہے۔

سوال ۱۴۹: کیا بیوی پر واجب ہونے والے کفارے کی ادائیگی شوہر پر واجب ہے؟

جواب: جی نہیں، یہ بیوی پر ہی واجب ہے۔

# طلاق / عدّت

سوال۱۵۰: کیا یہ صحیح ہے کہ نکاح کے صیغے کے ضمن میں ہی طلاق دینے کے اختیار کے لئے خود لڑکی یا اس کے والد یا والدہ اور خود اس لڑکی کو ایک ساتھ وکیل بنا دیا جائے، اس طرح سے کہ پھر اس وکالت کو واپس بھی نہ لیا جا سکے؟

جواب: صحیح ہے۔

سوال۱۵۱: کیا ایسی طلاق نافذ ہوگی جو عادل گواہوں کی غیر موجودگی میں یا شرعی طور پر طلاق کے صیغے کے بغیر دی گئی ہو؟

جواب: طلاق اسی وقت نافذ ہوگی جب صیغے، گواہوں اور باقی شرائط کے ساتھ ہو۔

سوال۱۵۲: کیا ایسے دو مردوں کے سامنے طلاق دینا صحیح ہے جس کے بارے میں، میں کچھ نہیں جانتا؟

جواب: یہ کافی نہیں جب تک کہ چاہے ظاہری طور پر باکردار ہونے کی وجہ سے ہی، ان کی عدالت ظاہر ہو جائے۔ یعنی معاشرے میں ان دونوں کا کردار ایسا ہو

کہ وہ کسی کام کوانجام دینے یا ترک کرنے میں شریعت کی پابندی کرتے ہوں۔

سوال۱۵۴: جو عورت شوہر کی وفات کی عدت میں ہو اس پر کیا واجب ہے؟

جواب: اس پر واجب ہے کہ عدت کے دوران ازدواج نہ کرے اور زینت کی تمام چیزوں کو ترک کر دے چاہے وہ بدن سے متعلق ہوں یا لباس سے۔ لہذا اس پر واجب ہے کہ سرمہ اور کاجل وغیرہ چھوڑ دے، سونے اور چاندی کے زیورات نہ پہنے اور ایسے لباس بھی نہ پہنے جنہیں اس کے لئے زینت سمجھا جائے چاہے وہ سیاہ رنگ کا لباس ہی کیوں نہ ہو۔

# نذر / قسم

سوال۱۵۴: قسم توڑنے کا کیا کفارہ ہے؟

جواب: دس مسکینوں کو کھانا کھلانا یا ان کو لباس پہنانا اور اگر یہ نہ ہو سکے تو پھر تین دن روزے رکھنا۔

سوال۱۵۵: ایک شخص نے کسی چیز کی نذر کی (منت مانی)، کافی وقت گزرنے کی وجہ سے اسے یہ یاد نہیں آرہا کہ اس نے اپنی نذر کو پورا کیا یا نہیں۔ اب اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: اس پر واجب ہے کہ اپنی نذر کو پورا کرے۔

سوال۱۵۶: اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے کوئی منت مانی ہے تو کیا اس پر عمل کرنا ضروری ہوگا؟

جواب: جی نہیں، واجب نہیں ہے۔

سوال۱۵۷: اگر کوئی شخص کسی قابل اعتماد فرد کو کفارے یا نذر کی ادائیگی کے لئے اپنا وکیل بنائے تو کیا محض کسی کو وکیل بنانے پر اپنے آپ کو بری الذمہ سمجھ سکتا ہے؟

جواب: کفارہ دینے والا یا نذر کرنے والا اپنی ذمہ داری سے اسی وقت عہدہ برآ ہوں گے جب کفارہ یا نذر اس کے اصل مالک مثلاً مسکین تک پہنچ جائے۔

# داڑھی

سوال ۱۵۸: کیا داڑھی مونڈنا جائز ہے اور کیا یہ جائز ہے کہ داڑھی کے کسی ایک حصے کو مونڈ دیا جائے؟

جواب: احتیاط واجب کی بناء پر جائز نہیں ہے اور احتیاط واجب کی بناء پر یہ بھی جائز نہیں ہے کہ صرف ٹھوڑی پر داڑھی کے کچھ حصے کو رہنے دیا جائے۔ ہاں، ٹھوڑی کے نچلے حصے اور گالوں کے ابھرے ہوئے حصے پر خط بنانا جائز ہے۔

سوال ۱۵۹: داڑھی کی شرعی مقدار کتنی ہے؟ لمبائی اور چوڑائی کے اعتبار سے نہیں بلکہ داڑھی کے داڑھی ہونے کے اعتبار سے، یعنی کیا اتنا کافی ہے کہ کوئی شخص اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرے اور اسے محسوس ہو کہ کچھ بال ہیں جب کہ عام لوگ اسے داڑھی والا نہ کہیں یا اتنا ضروری ہے کہ لوگ بھی اسے داڑھی والا کہیں؟

جواب: ضروری ہے کہ عام لوگ اسے داڑھی والا کہیں۔

سوال ۱۶۰: کیا آپ کے نزدیک صرف ٹھوڑی پر بال رکھ کر باقی داڑھی منڈ والینا (فرنچ کٹ داڑھی رکھنا) جائز ہے؟

جواب: احتیاط واجب کی بناء پر جائز نہیں ہے۔

# موسیقی

سوال۱۶۱: کیا کلاسیکی موسیقی کا سننا جائز ہے؟

جواب: اگر لہو ولعب سے مناسبت رکھنے والی موسیقی ہے تو جائز نہیں، اس کے علاوہ جائز ہے۔

سوال۱۶۲: ایسی تسکین بخش موسیقی جو انسان کو سرور میں لاتی ہو اس کو سننے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب: اگر ایسی موسیقی لہو ولعب کے مقامات سے مناسبت نہ رکھتی ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

# ادعیہ و زیارات

سوال ۱۶۳: بعض زیارات اور دعاؤں کے پڑھنے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جن کی سند کا معتبر ہونا ثابت نہیں؟

جواب: دعاؤں اور زیارات کے معتبر ہونے کا معیار ان کے بلند اور عالی مضامین ہیں، لہذا اگر وہ ایسے بہترین مضامین پر مشتمل ہوں تو ان کی تلاوت میں کوئی حرج نہیں۔

سوال ۱۶۴: کیا پوری دعائے کمیل سند کے اعتبار سے معتبر ہے اسی طرح زیارت جامعہ کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: دعاؤں اور زیارات کا معیار ان کے بلند اور عالی مضامین ہیں۔

# اخلاقیات

## صلۂ رحمی

سوال ۱۶۵: صلہ رحم کی سب سے کم مقدار جس سے یہ واجب ادا ہو جائے، کون سی ہے؟

جواب: اتنا کافی ہے کہ انہیں سلام پہنچایا جائے، ان کی احوال پرسی کی جائے اور اس طرح کے کام کئے جائیں۔

سوال ۱۶۶: کیا رشتہ داروں کے لئے دعا کرنا صلہ رحمی میں شمار ہوتا ہے اور کیا یہ صلہ رحمی کے وجوب کو ادا کرنے کے لئے کافی ہے؟

جواب: صرف دعا کرنے سے صلہ رحمی کا وجوب ادا نہیں ہو سکتا۔

سوال ۱۶۷: حکم شرعی کے اعتبار سے کیا صلہ رحم کرنا واجب ہے یا قطع رحم حرام ہے؟

جواب: صلہ رحم کرنا واجب ہے۔

سوال ۱۶۸: جو صلہ رحمی نہ کرتے ہوں کیا ان سے قطع رحمی کرنا جائز ہے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۶۹: کیا ایسے افراد سے قطع رحمی کرنا جائز ہے جو احکام شریعت مثلاً حجاب کی پابندی نہ کرتے ہوں؟

جواب: ان لوگوں کے ساتھ صلہ رحمی کرنا واجب ہے جنہیں عرف میں رشتہ دار سمجھا جاتا ہو چاہے وہ شریعت کے احکام کی پابندی نہ کرتے ہوں، لیکن ان کے ساتھ شریعت کے احکام کی رعایت بھی کی جائے یعنی حرام کاموں سے روکا جائے اور ان کے گناہ کی تائید نہ کی جائے۔ یہ جان لینا ضروری ہے کہ صلہ رحمی صرف یہ نہیں ہے کہ کسی کے پاس جا کر اس سے ملا جائے بلکہ ٹیلیفون کر کے خبر گیری کر لینا اور وقت پڑنے پر مدد کرنا بھی صلہ رحمی کے لئے کافی ہے۔

# غیبت

سوال ۱۷۰: کیا غیبت سننے والے پر واجب ہے کہ جس کی غیبت کی جا رہی ہو اس کی حمایت کرے؟

جواب: غیبت کرنے والے کی بات رد کر دینا بہتر ہے لیکن سامع کو اگر اس بات کا احتمال ہو کہ وہ (غیبت کرنے والا) حرام سے باز آ جائے گا تو نہی عن المنکر کرنا واجب ہے، بلکہ احتیاط واجب کی بناء پر اپنے قول اور فعل سے ناپسندیگی

کا اظہار کرنا ضروری ہے چاہے اس بات کا احتمال نہ ہو کہ غیبت کرنے والا حرام سے باز آجائے گا۔

سوال ۱۷۱: جس کی غیبت کی گئی ہو کیا اس سے معافی طلب کرنا واجب ہے؟

جواب: معافی مانگنا واجب نہیں ہے بلکہ صرف استغفار کافی ہے۔

سوال ۱۷۲: کیا چھوٹے بچوں یا ممیّز بچے کی غیبت کرنا جائز ہے؟

جواب: ممیز بچے کی غیبت کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۷۳: اگر میں کسی مومن کے ایسے عیب کا تذکرہ کروں جس کا مخاطب کو بھی علم ہو تو کیا اسے غیبت کہا جائے گا؟

جواب: یہ غیبت نہیں ہے، لیکن کسی مومن کی توہین جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۷۴: کیا کسی ایسے شخص کی غیبت کرنا جائز ہے جو اپنے عیوب کے تذکرے پر راضی ہو؟

جواب: غیبت کرنا ایک حرام عمل ہے اور جس کی غیبت کی جا رہی ہے اس کے راضی ہونے سے غیبت کے حرام ہونے پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

سوال ۱۷۵: کیا کسی مومن میں موجود کسی اچھی عادت کو بیان کرنا جائز ہے جب کہ وہ ایسا کرنے پر راضی نہ ہو؟

جواب: اگر ایسا کرنے سے اس کے لئے کوئی نقصان نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

# متفرقات

سوال ۱۷۶: طبی اعتبار سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے اور ماہر ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ سگریٹ نوشی نہایت ہی نقصاندہ عمل ہے اور کئی امراض مثلاً بعض خونی امراض اور کینسر وغیرہ کا سبب ہے۔ تحقیقات کے مطابق ہر سال ۳۰ لاکھ انسان اپنی جان سگریٹ نوشی پر قربان کر دیتے ہیں۔ یہ تو ایک اعتبار سے، ورنہ اس کے علاوہ ایک رسالے کے مطابق اس مد میں امریکی تجارتی کمپنیوں کا سالانہ منافع 225 ارب ڈالر تک جا پہنچتا ہے، جس کا نتیجہ امریکی اقتصاد کی تقویت کے علاوہ کچھ نہیں۔ کیا ان دو نکات کی بناء پر اس ایندھن کو استعمال کرنا حرام نہیں ہو جائے گا؟

جواب: اگر انسان کو یقین ہو جائے کہ سگریٹ نوشی کی عادت کی وجہ سے وہ اپنی موت کو جلدی آواز دے رہا ہے تو پھر جائز نہیں۔

سوال ۱۷۷: جلا ہوا کھانا استعمال کرنا اس اعتبار سے کہ خباثت میں سے نہیں ہے، حرام نہیں ہے۔ تو کیا اسے استعمال کرنا مکروہ ہے؟

جواب: اگر جلے ہوئے کھانے کو استعمال کرنا کسی بڑے نقصان کا سبب بن رہا ہو چاہے اسے زیادہ کھالینے کی وجہ سے ہی ہو، تو یہ حرام ہے ورنہ حرام نہ ہونے کی صورت میں اس کے مکروہ ہونے کی ہمیں کوئی دلیل نہیں ملی۔

سوال ۱۷۸: کیا ان چیزوں کو کھانا جائز ہے جس میں نقصان کا احتمال یا اندیشہ ہو؟
جواب: اگر عقلاء کے نزدیک یہ احتمال اتنا طاقتور ہو کہ خوف کا باعث بن جائے تو جائز نہیں ہے۔

سوال ۱۷۹: مغربی ممالک بالخصوص امریکا کی جانب سفر میں انسان اپنے دین کے بارے میں خطرہ محسوس کرتا ہے کہ وہاں رہنے سے اس کی دینداری ختم ہو جائے گی یا بڑی سنجیدگی کے ساتھ یہ خطرہ ہوتا ہے کہ انسان دین سے منحرف ہو جائے گا۔ تو کیا ان دونوں حالتوں میں انسان کے لئے ان ممالک میں رہنا جائز ہوگا؟
جواب: ان ممالک میں رہائش اس وقت تک جائز نہیں ہے جب تک کسی انسان کو اطمینان نہ ہو کہ اپنے اور اپنے زیر سرپرستی رہنے والوں کے دین کی حفاظت کرسکتا ہے۔

سوال ۱۸۰: اگر کوئی شخص اپنے مال کو چھوڑ دے اور نکال کر سڑک پر ڈال دے خصوصاً جب مال کی مقدار اس قدر زیادہ ہو کہ اس کا یہ عمل ایسی فضول خرچی کا سبب بنے جو حرام ہوا کرتی ہے تو اب کیا اس طرح مال کو چھوڑ دینا ملکیت سے نکل جانے کا

سبب ہوا کرتا ہے؟ اور جب کوئی دوسرا شخص اس کو قبضے میں لے لے تو اس طرح یہ مال اس کی ملکیت ہو جایا کرتی ہے؟

جواب: صرف اس طرح مال کو چھوڑ دینا کسی کی ملکیت سے نکل جانے کا سبب نہیں بنا کرتی سوائے یہ کہ اگر کوئی دوسرا فرد اس کو اپنے قبضے میں لے لے تو وہ اس کی ملکیت ہو جائے گی اور پہلے شخص کی ملکیت سے نکل جائے گی۔

سوال ۱۸۱: جن صفحات پر خداوند متعال کا نام لکھا ہوا ہو انہیں کس طرح ختم کیا جائے۔ آیا انہیں جلا دیا جائے یا اس قدر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تبدیل کر دیں کہ اس کی صورت ختم ہو جائے اور پھر انہیں کوڑے میں ڈال دیں۔ اسی طرح خداوند متعال کے نام کے لئے استعمال کی جانے والی علامات مثلاً ایران کے پرچم کے نشان کا کیا حکم ہے؟

جواب: ایسی عبارات کو سیاہی وغیرہ سے ختم کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح اس قدر چھوٹے ٹکڑوں میں تبدیل کرنا بھی صحیح ہے جو ریزوں میں بدل جائے اور بہتر یہ ہے کہ اسے کسی جاری نہر میں ٹھنڈا کر دیا جائے۔ خدا کے نام کی علامتوں کے سلسلے میں عرف کو معتبر مانا جائے گا۔

سوال ۱۸۲: کیا کسی ایسے شخص کو مارنا یا زخمی کرنا جائز ہے جو اس پر راضی ہو؟

جواب: اگر اس سے کوئی بڑا نقصان لازم نہ آتا ہو تو کوئی حرج نہیں۔

سوال۱۸۳: سینماؤں میں ان فلموں کا دیکھنا کیسا ہے جس میں عورتیں اپنی خوبصورتی و حسن کو ظاہر کر رہی ہوں؟

جواب: اگر ایسی فلمیں بے حیائی پر مشتمل نہ ہوں تو دیکھنا جائز ہے لیکن شہوت اور حرام میں مبتلا ہونے کا خوف نہ ہو۔

سوال۱۸۴: کیا حیا سوز اور فحش فلموں اور تصاویر کا دیکھنا جائز ہے؟

جواب: احتیاط واجب کی بناء پر جائز نہیں ہے۔

سوال۱۸۵: اگر گھر میں صدقات کو جمع کیا جائے اور پھر ایک ہی مرتبہ میں فقیر کو دے دیا جائے تو کیا اسے صدقہ کہا جائے گا؟

جواب: اسے چاہئے کہ کسی معین فقیر کا وکیل بن کر اس کی جانب سے اپنے پاس رکھے۔ البتہ پھر وہ مال اسی فقیر کی ملکیت ہوگا۔

سوال۱۸۶: عورتوں کے ناخن بڑھانے کے بارے میں کیا کوئی حکم موجود ہے؟

جواب: بعض روایت میں اس بارے میں موجود ہے کہ ناخن بڑھانا عورتوں کے لئے مناسب ہے۔

سوال۱۸۷: عمارت کے پرانے ہو جانے کی وجہ سے اگر خاطر خواہ افادہ نہ ہو رہا ہو تو کیا امام بارگاہ کے ناظر یعنی متولی کے لئے جائز ہے کہ وہ اسے فروخت کر دے؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال۱۸۸: ائمہ علیہم السلام کی ولادت کے جشن وغیرہ میں تالیاں بجانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: حرام نہیں ہے، لیکن یہ چیزیں صلوات کی جگہ نہیں لے سکتیں۔

سوال۱۸۹: آپ کی نظر میں کیا عزاداری سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کے لئے سینہ کھولنا جائز ہے؟

جواب: ایسا کرنا جائز ہے۔

سوال۱۹۰: کیا فیملی پلاننگ کے مقصد سے پہلے ہی مہینے میں بچے کا ابارشن کروانا جائز ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔

سوال۱۹۱: میں اپنی زوجہ کو ڈاکٹر کے پاس یہ ٹیسٹ کروانے کے لئے لے گیا کہ وہ حاملہ تو نہیں۔ ٹیسٹ کے بعد یہ تو معلوم ہو گیا کہ وہ حاملہ ہے لیکن الٹرا ساؤنڈ کی رپورٹ سے معلوم ہوا کہ بچہ صحیح حالت میں نہیں ہے اور معذور پیدا ہوگا۔ ہمیں اطمینان نہ آیا اور ہم دوسرے اسپیشلسٹ ڈاکٹر کے پاس آگئے۔ اس نے بھی الٹرا ساؤنڈ کے بعد یہی بتایا کہ بچے کی نشوونما نہیں ہو رہی اور یہ معذور پیدا ہوگا۔ پھر ہم نے اس بچے کا ابارشن کروا دیا۔ یہ بات بھی تھی کہ میرا اور میری بیوی کا بلڈ گروپ بھی نہیں ملتا اس لئے کہ میرا خون (A+ve) ہے جب کہ میری بیوی کا

خون (B-ve) ہے۔اب ہمارے لئے کیا حکم ہے اور کیا ہم پر دیت واجب ہو گی؟

جواب: آپ کی ذمہ داری ہے کہ خدا سے اپنے گناہ کی معافی طلب کریں اور جس نے ابارشن کیا ہے اس پر دیت دینا واجب ہے۔

سوال۱۹۲: میری زوجہ جب بھی حاملہ ہوتی ہے اسے بڑے وحشت ناک خواب آتے ہیں، وہ دیکھتی ہے کہ ایک عورت اس کے بچے کو گرادینا چاہتی ہے۔ بلکہ اب تو بغیر حاملہ ہوئے بھی اس کی یہ کیفیت ہورہی ہے، جب کہ یہ خواب جنوں وغیرہ کے خواب نہیں ہیں۔ اس سلسلے میں آپ کیا نصیحت فرماتے ہیں۔ہم سے کہا گیا ہے کہ آپ اپنے گھر میں کوئی بکرا ذبح کردیں؟

جواب: آپ کسی نفسیاتی ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

سوال۱۹۳: بچے کو چہرے یا ہاتھوں پر اتنی شدت سے بوسہ دینے کے بارے میں کیا حکم ہے کہ جس کے نتیجے میں اس پر سرخی کے نشانات باقی رہ جائیں، جب کہ بچہ اس سے روکتا نہیں ہے؟

جواب: جب تک بچے کو اذیت نہ ہو، جائز ہے۔

سوال۱۹۴: امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے وجوب کی شرائط میں سے ایک شرط یہ ہے کہ تاثیر کا احتمال ہو، اس سے کیا مراد ہے۔کیا احتمال منطقی یا کچھ اور؟

جواب: تاثیر سے مراد یہ ہے کہ جس شخص کو حکم دیا جائے وہ اس حکم کو قبول کر لے اور جس کو کسی کام سے روکا جائے وہ اس سے رک جائے۔ جب کہ احتمال سے مراد وہ مقدار ہے کہ جسے کسی بھی عمل کی جانب راغب ہونے کے لئے عرفاً معتبر سمجھا جائے، ضعیف احتمال جس کو عقلاء اہمیت نہیں دیتے وہ کافی نہیں ہے۔

سوال ۱۹۵: ایک نمازی غلطی سے کسی مسجد کی تسبیح مسجد سے لے کر آ گیا۔ اب تشویش میں مبتلا ہو گیا ہے کہ یہ تین مساجد میں سے کس مسجد کی تسبیح ہے۔ کوئی نشانی بھی نہیں مل رہی، ایسے میں اس کی کیا ذمہ داری ہے؟

جواب: جب کسی طریقے سے طے نہ ہو سکے تو قرعہ اندازی کے ذریعہ اس کا تعین کیا جا سکتا ہے۔

سوال ۱۹۶: جب دشمنان دین کا تذکرہ ہو رہا ہو تو کیا بیہودہ اور فحش الفاظ کا استعمال جائز ہے؟

جواب: اگر مقصد یہ ہے کہ ایسے الفاظ کا استعمال کیا جائے جن کا ذکر قبیح ہے تو یہ جائز نہیں۔

سوال ۱۹۷: آیۃ الکرسی تین آیات پر مشتمل ہے یا ایک آیت پر؟

جواب: آیۃ الکرسی پڑھتے وقت احتیاط یہ ہے کہ اسے "هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ" تک پڑھا جائے۔

سوال۱۹۸: کیا پلاٹینم جسے White Gold کہا جاتا ہے، پہننا جائز ہے؟

جواب: پلاٹینم سونا نہیں ہے، لہذا اسے پہنا جاسکتا ہے۔

سوال۱۹۹: کیا کسی کو ایصال ثواب کرنے کے لئے نیت کر لینا کافی ہے اور اگر کافی ہے تو کیا یہ بھی کافی ہے کہ عبادت انجام دینے سے پہلے تو ایصال ثواب کی نیت ہو لیکن عمل کے بعد اس سے غافل ہو گیا ہو۔ اسی طرح کیا مثلاً چند سال پہلے کئے ہوئے عمل کو ایصال ثواب کرنا جائز ہے؟

جواب: ایصال ثواب درحقیقت خدا کی بارگاہ میں اس بات کی آرزو کرنا ہے کہ جو ثواب، لطف و مرحمت کے تحت وہ عطا کر رہا ہے اسے اس کے بدلے کسی اور کو عطا کر دے۔ اس اعتبار سے یہ بھی عام دعاؤں کی طرح ایک دعا ہے جو کہ جائز ہے۔ اس کے لئے کسی خاص نیکی کی شرط نہیں بلکہ گزشتہ اعمال کے حوالے سے بھی ایصال ثواب کیا جاسکتا ہے۔

سوال۲۰۰: کیا بیٹی کے لئے واجب ہے کہ اپنے ماں اور باپ کا خرچہ دے اور کیا اس سلسلے میں اس کے اور اس کے بھائیوں کے درمیان کوئی ترتیب بھی ہے؟

جواب: لڑکی پر ماں باپ کا خرچہ دینا احتیاط واجب کی بناء پر ضروری ہے۔ اس سلسلے میں کوئی ترتیب نہیں ہے۔ البتہ بیٹے پر خرچہ دینا تو احتیاط کے بغیر ہی واجب ہے۔

# عقائد

سوال ۲۰۱: کیا عقائد میں شک کرنا یا متردّد ہونا کفر کا سبب بنتا ہے؟

جواب: شک کرنا جستجو اور تحقیق کا مقدمہ بنتا ہے اور انکار کرنا اور نہ ماننا کفر ہوتا ہے۔

سوال ۲۰۲: کیا تمام کفار، مشرکین اور ملحدین کو بغیر کسی استثناء کے جہنم میں ڈال دیا جائے گا، جب کہ ان میں ایسے افراد بھی ہیں جنہیں کسی چیز کا علم ہی نہیں ہے۔ یہ مسئلہ کس طرح عدلِ الٰہی سے ٹکراؤ پیدا نہیں کرے گا؟

جواب: یہ معاملہ خداوند متعال کا ہے۔

پروردگارا!

ہم سب کو مسائل دین سیکھ کر ان پر عمل پیرا ہونے اور اسے

دوسروں تک صحیح طرح پہنچانے کی توفیق عنایت فرما۔

آمین

ہماری آئندہ پیشکش

# مجتھد سے پوچھے گئے سوالات

ماہِ رمضان المبارک میں روزہ، فطرہ اور چاند وغیرہ سے
متعلق مومنین کی جانب سے پوچھے گئے سوالات پر مبنی کتابچہ

# روزہ

شعبۂ مطبوعات
قرآن و عترت اکیڈمی
کراچی - پاکستان
E-mail : qoitrat@khi.paknet.com.pk